سوق ع بازار۔ پنڈلیاں (جمع ساق)۔
فسوق ع فسق۔ بدکاری۔ خلاف شرع کام کرنا۔
فسوق ع ہمیشہ فسق کرنے والا آدمی بدکار۔ عیب دار آدمی۔
شوق ع رغبت۔ لگاؤ۔ دل کا میل
تشوّق ع آرزومند کرنا۔ طمع دلانا۔
عشوق ع بہت عشق کرنیوالا۔ بڑا پیار کرنیوالا
معشوق ع عشق کیا گیا۔ پیارا دوست۔ محبوب
مشوّق ع شوق پیدا کرنیوالا۔ چاہ ظاہر کرنیوالا۔
مشوَّق ع شوق میں لایا گیا۔ جسکو شوق دلایا گیا ہو۔
مشتوق ع شوق مند۔ خواہشمند۔ (مشتاق)۔

شوق

نشوق ع رقیق دوا جو ناک میں ڈالیں
پتلی دوا۔
لصوق ع چپاں ہونا چمٹ جانا۔
طوق ع طاقت۔ توانائی۔ گردن بند۔
حلقہ گردن کا۔
مطوق ع طوق میں کیا گیا۔ قید کیا گیا
پھانس لیا گیا۔
منطوق ۔ ع سخن۔ کلام۔ مضمون۔
معانی۔ ضمن عبارت
عوق ع پھیرنا۔ موڑنا۔ باز رکھنا۔ روکنا
لعوق ع پتلی دوا۔ پانی جیسی دوا۔ پینے
یا چاٹنے کی دوا۔
معوق ع باز رکھا گیا۔ قید کیا گیا۔ مشکل
دشوار۔
یعوق ع نام بت جسکو نوحؑ کی قوم پوجتی تھی
اور وہ گھوڑے کی شکل پر تھا۔
فوق ع اوپر۔ بلندی۔ عزت و آبرو۔
اونچائی۔
مافوق ع جو چیز بلند ہو۔ سب سے اونچی
سب سے اوپر۔
تفوق ع بلندی چاہنا۔ بلند ہونا۔ صاحب رتبہ ہونا

بوق

حقوق ع (جمع حق) حق ہا۔ حقیں
محقوق ع راست کیا گیا۔ حق پہچانا
گیا۔ درست کیا گیا۔
مدقوق ع تپ دق کا بیمار۔ لاغر۔ کوفتہ
باریک۔ قریب المرگ۔
عقوق ع نافرمانی ماں باپ کی۔ عاق ہونا
خلوق ع بوئے خوش۔ ایک قسم کی بوئے خوش
مخلوق ع پیدا کیا گیا۔ وہ چیز جو پیدا
ہو چکی ہو۔
علوق ع ماننا۔ دوست رکھنا۔ جم جانا خون
کا عورت کے رحم یا نطفہ کا آغاز حمل میں
مغلوق ع دروازہ بند کیا ہوا قفل لگایا ہوا
موق ع گوشہ چشم۔ آنکھ کا گوشہ
نوق ع (جمع ناقہ) بہت سی اونٹنیاں
مخنوق ع گلے سے گھونٹا گیا۔
غرنوق ع جوان۔ زیبا شکل خوبصورت جوان
زہوق ع نابود ہونا۔ ہلاک ہونا۔ گذرنا
تیر کا نشانہ سے
شہوق ع بلند ہونا اونچا ہونا اوپر کو چڑھنا
عیوق ع نام ستارہ سرخ رنگ جو کہکشاں کے
داہنے طرف اور ثریا کے پیچھے نکلتا ہے (عوق سے)

اہق

صراہق ع وہ لڑکا جو بلوغ کے نزدیک پہنچا ہو۔
شاہق ع بلند۔ بنائے بلند۔ حالت بعض جو بلندی پر ہو۔
ناہق ع خر گدہا۔ خر نر۔
شواہق ع (جمع شاہق) بلندیاں۔ بزرگیاں۔ بلند چیزیں۔
بہق ع ایک بیماری جس میں بدن پر داغ پڑ جاتے ہیں۔ چھیپ۔
رہق ع نزدیک ہونا۔ گمراہ ہونا جھوٹ بولنا۔
زہق ع جنگل کی زمین جس میں درخت اور پانی نہ ہو۔
زہق ع نیست و نابود ہونا۔ فنا ہونا مرجانا۔
وہق ع کمند جو دوسری چیز کو ڈال کر اپنی طرف کھینچ لیتے ہیں
تائق ع شائق۔ صاحب شوق
تائق ع آرزومند ہونا۔ طامع ہونا بدخو ہونا تیق سے۔
حدائق ع (جمع حدیقہ) باغہائے پر درخت جنکے گرد دیوار ہو

ایق

رائق ع آب صاف و جاری۔ دریا یا چشمہ کا بہتا ہوا پانی
سائق ع پیچھے سے دھکیلنے والا۔ دھکا دینے والا
شائق ع صاحب شوق۔ شوق والا۔ جسکو کسی چیز کی طرف رغبت ہو
تضائق ع باہم دگر تنگ ہونا۔ تنگی کرنا دشوار رکھنا۔
متضائق ع باہم تنگی کرنے والا۔ تنگ رکھنے والا۔
مضائق ع (جمع مضیق) جاہائے تنگ مکانہائے تنگ۔
عائق ع منع کرنے والا۔ باز رکھنے والا ہٹانے والا۔
فائق ع بہتر۔ برگزیدہ۔ افزوں۔ زیادہ
حقائق ع (جمع حقیقت) ماہیت یا کیفیت یا
دقائق ع (جمع دقیقہ) باریک چیزیں باریکیاں
رقائق ع (جمع رقیق) چیزہائے باریک
شقائق ع (جمع شقیقہ) گل لالہ۔ تمام پھول۔ ہر قسم کے پھول
لائق ع بہتر۔ اچھا۔ صاحب لیاقت۔ صاحب علم و ہنر

قیق

دَقِیق ع باریک تھوڑی چیز عجیب غریب چیز

تَدقِیق ع باریک کرنا پتلا کرنا

رَقِیق ع باریک پتلی چیز مانند پانی و شراب وغیرہ

شَفِیق ع برادر۔ بھائی۔ دوست۔ رفیق۔ مہربان۔

عَقِیق ع ایک قسم کا سرخ و سپید و زرد پتھر

نَقِیق ع بانگ نوک آواز ناکیاں

بَاسَلِیق ع ایک رگ جسکے فصد کرنے سے سر سے کمر تک کا خون آتا ہے

اَتَالِیق ت لیاقت سکھلانے والا۔ استاد۔ سنبھال کرنے والا۔

جَاثَلِیق ع رئیس ترسایان۔ قوم نصاریٰ کے سرگروہ۔

ذَلِیق ع تیز زبان۔ سنان تیز۔ بہت تیز برچھی۔

تَعلِیق ع لٹکانا۔ آویزان کرنا

نَستَعلِیق ع ایک طور لکھنے کا۔ نام ایک خط جو خوش خط لکھا جاتا ہے

مَبِیق ع گریاں۔ روتا ہوا شخص۔

میق

عَمِیق ع ژرف۔ گہرا۔ دراز۔

تَعمِیق ع غور کرنا۔ اندیشہ کرنا۔ خیال کرنا۔

تَنمِیق ع لکھنا۔ نقش کرنا۔ تحریر کرنا۔

اَنِیق ع خوب عجیب چیز۔ نادر جنس

غَرَانِیق ع (جمع غرنوق) بہت سے خوبصورت جوان۔

مَنجَنِیق ع فلاخن بزرگ پتھر مارنے کا زنبورہ توپ (معرب من چہ نیک)

سَوِیق ع ستو۔ جو اور گندم بریاں

تَشوِیق ع شوق دلانا۔ چاہ میں لانا کسی کو۔

تَعوِیق ع موڑنا۔ قید کرنا۔ منع کرنا دیر میں ڈالنا۔ توقف میں ڈالنا۔

شَہِیق ع پہلا آواز گدہے کا جو بلند ہوتا ہے۔ اور اخیر کو زفیر کہتے ہیں۔

نَہِیق ع بانگ خر۔ گدہے کی آواز صوت الحمیر۔

آک

ک

آک ف عیب۔ آفت۔ لفظ نسبت تشبیہہ چوں مغاک وغیرہ

باک ف خوف۔ ڈر۔ وحشت

تپاک ف گرمجوشی۔ خاطر مدارات

اشتباک ع پنجہ میں پنجہ ڈالنا۔ اجتماع وانبوہ کرنا۔

سباک ع زرگر۔ زیور بنانے والا سونا چاندی گلانے والا۔

انسباک ع گلجانا سونے چاندی کا کٹھالی میں

سَبّاک ع سوراخ کرنے والا۔ چھید کرنے والا۔ پرونے والا۔

شباک ع (جمع شبکہ) دام۔ جالیاں

پاک ع بے عیب۔ صاف۔ پاکیزہ (ضد پلید)

ناپاک ف پلید۔ ناصاف جو پاک نہو

تاک ف انگور کا درخت۔

ستاک ع شاخ درخت نورستہ۔ نازک سبز شاخ

راک

اضحاک ع ہنسی۔ مسخری۔ خندہ

قباک ف پھٹا ہوا کسی مکان کا قبالہ

پیچاک ف پیچ۔ خم

خاک ف مٹی۔ طین

زادۂ خاک ف زر وسیم جو خاک سے نکلتا ہے۔

شرکشِ خاک ف زمین مشرق سے مغرب تک

نافۂ خاک ف نکتۂ مقطہ جو زمین کے بیچ میں سمجھا جاتا ہے

اخاک ع برادر تو۔ تیرا بھائی

تحیت یداک ع بلاکہ ہوں تیرے دونوں تجھ

آراک ع قطعہ زمین۔ درخت کا پیلو

اتراک ع (جمع ترک) ترک لوگ۔ ترکی آدمی

اشتراک ع شراکت۔ حصہ داری

فتراک ف گھوڑے کا تسمہ۔ ایک رسی جس میں شکار وغیرہ باندھتے ہیں

تحراک ع بہت حرکت دینے والا [illegible] کوشش کرنے والا۔

دراک ع پانیوالا۔ دریافت کرنیوالا دانشمند

ادراک ع پانا۔ دریافت کرنا۔ عقل۔ بوجھ فہم۔ فراست۔

راک

استراک ت استر۔ خچر۔ ایک مشہور جانور

شتراک ت شتر جوان۔ قوی بارکش خچر

شراک ع دوال نعلین۔ جوتی کا ڈورا

عراک ع انبوہ کرنا۔ ہجوم کرنا

عتراک ع سخت لڑنے والا۔ کوشش دینے والا۔ لڑنے والا۔

تبوراک ف چھوٹا نقارہ یا دو لکڑیاں جنکی آواز سے کھیتی والے جانور اڑاتے ہیں نیز سنج آہنی۔

خوراک ف کھانا۔ طعام۔

نزاک ع پھکڑی۔

امساک ع بند کرنا۔ روک لینا۔

استمساک ع بند کرنا۔ پنجہ مارنا۔ مضبوط پکڑنا۔

کنشاک ف مرد سلحدار۔ سپاہی۔ جنگ کرنیوالا

خاشاک ف کوڑا کرکٹ۔ کانٹے

پوشاک ف پوشش۔ کپڑا۔ پہننے کا لباس

تشتاک ت بکری کا یکسالہ بچہ

غلطاک ف ایک پہلو سے دوسرے پہلو پر پلٹا کھانا۔

ترغاک ت پاسبان۔ چوکیدار۔ محافظ۔ نگہبان

کاک

تنکاک ت ابلہ۔ نادان شریر۔ حرامزادہ فریبی۔ احمق۔

مغاک ف گڑھا جو زمین یا پہاڑ میں ہو۔ غار۔

سفاک ع قاتل۔ خونی۔ خونریز۔ بیرحم ظالم۔

کاک ف پتلی روٹی۔ پھلکا۔ گیہوں کے آٹے کا

احتکاک ع چھیلنا۔ کھرچنا۔ پوست اتارنا

حکاک ع چھیلنے والا۔ نگینہ ساز۔ مہرکن سوزش کی ایک بیماری۔

سکاک ع آہنگر۔ لوہار۔ لوہے کا کام کرنے والا۔

سکاک ع جو یا فاصلہ جو آسمان و زمین کے بیچ میں ہے

صکاک ع قبالہ نویس۔ جو شخص قبالہ ہائے شرعی لکھے۔

اصطکاک ع جو آواز دو چیزوں کے ٹکرانے سے نکلے۔

فکاک ع جدا کرنا۔ خلاص کرنا۔ چھڑانا۔ آزاد کرنا

انفکاک ع جدا ہونا۔ آزاد ہونا۔ الگ ہونا۔ علیحدہ ہونا۔

لاک

چالاک ف چپ تیز ـ خبردار

دَلّاک ع بدن کا ملنے والا ـ حجام

سَلّاک ع شوشۂ طلاء و نقرہ ـ سلاخ

اِنسلاک ع پرونا موتیوں وغیرہ کا تاگے میں

اَفلاک ع (جمع فلک) آسمانہا ـ بلندیاں

بنّایانِ اَفلاک ع عقول عشرہ فرشتگان مقرب ـ

فلکُ الافلاک ع عرش معلے جو سب آسمانوں سے بلند ہے ـ

مثلثاتِ افلاک ع تین آتشی برج یعنی حمل ـ اسد و قوس اور تین برج بادی جوزا ـ میزان ـ دلو اور تین برج خاکی ثور ـ سنبلہ ـ جدی اور تین برج آبی سرطان عقرب و حوت

مُفلاک ع خالی ہاتھ ـ مفلس ـ نادار

مِلاک ع اصل ہر چیز کی ـ ہر چیز کی بنیاد اور سہارا

اِملاک ع کسی چیز کا مالک ہونا ـ مالک بنانا

اَملاک ع (جمع ملک) اسباب ـ جائداد منقولہ و غیر منقولہ

لَولاک ع اشارہ بحدیث قدسی یعنی لولاک لما خلقت الافلاک جو رسول اللہ کی شان میں نازل ہوئی

صاحبِ لولاک ع حضرت محمد رسول اللہ

واک

رِکاک ع (جمع رکہ) بادباشہا ـ بہت سے بنگھے

سِماک ع ایک ستارہ کا نام

اِنہماک ع مبالغہ کرنا ـ کوشش کرنا ـ سعی کرنا

ناک ف آغشتہ ـ آلودہ ـ والا (لفظ کے پیچھے آتا)

تابناک ف روشن ـ چمکدار ـ چمکنے والا

ترسناک ف خوفناک ـ ڈرنیوالا ـ ڈرپوک ـ

خشمناک ف غضبناک ـ پُرغصہ

خوفناک ف ڈرپوک آدمی ـ ڈرنے والا ہیبت ناک ـ ڈرانیوالا

غمناک ف غم والا ـ غمگین ـ

نمناک ف تر ـ جس میں پانی ملا ہوا ہو بھیگی ہوئی چیز

ہشناک ف ہوشناک ـ ہوشمند ـ ہوش والا ـ خبردار

ہولناک ف خوفناک ـ جس سے خوف آوے ـ خبردار

سِواک ع مسواک ـ دانت صفا کرنے کی لکڑی ـ داتون

سَواک ع رفتار نرم ـ آہستہ چال ـ

واک

مِسْواک ع دانت صاف کرنے کی لکڑی دانتون

اِنْہاک ع لاغر ضعیف کرنا کمزور کرنا سعی کرنا

تِرْیاک ف معجون قاطع زہر۔ افیون

بابَک ف اردشیر بادشاہ کا نانا۔ امین استوار۔ امیر۔ دانشمند

اَتابَک ف استاد۔ امیر۔ ادب آموز بادشاہ کا اتالیق۔

چابُک ف چست۔ چالاک۔ جلد۔ گھوڑے کو ہانکنے کا تازیانہ

[illegible] ع آپس میں ملنا۔ پنجہ میں پنجہ ڈالنا۔

کابُک ف کبوتر خانہ۔ مرغوں کا گھر

تُفَنْک ف بندوق۔ تفنگ۔

حَبْک ع اچھا بننا کپڑے کا اچھی طرح سنوارنا اور کاٹنا اور مارنا۔

حُبُک ع ستاروں کے چلنے کے رستے۔ بال چھلا پانی کی شکن۔ زرہ۔ ریگ۔

بارْبَک ف بڑا امیر جو ہر وقت بادشاہ کے پاس جا سکے۔ عرض بیگی۔

گُرْد بادہ بَک ف کلو بنت الثعلب

[illegible] ف دروغ۔ خوشامد۔ مسخری۔ ظرافت

اتاک

تُنُک ف کم وزن۔ بے وقار۔ چست و چالاک۔ بے تعلق۔ جلدی۔

سَبْک ع چاندی سونے کو گلانا۔ چیخ دینا

شَبَک ع دام صیاد شکار کی جالی سوراخ

شُبّاک ع جھنجر سوراخ دار جالی۔ دام مرغاں

کَبْک ف چکور۔ ایک مشہور پرندہ

بَعْلَبَک ع شام میں ایک شہر ہے جو حضرت الیاس کی قوم بعل بت کو پوجتی تھی یعنی بعل کا شہر

تُنْبَک ت ڈھول کو چھوٹا نقارہ طبلہ

دَنْبَک ف ادو دا جست مارنا۔

تُنْبَک ف تالی بجانا۔ ایک قسم کا ساز اکتارا۔ گوڈٹی

سُنْبُک ف چھوٹی کشتی جو جہاز کے ساتھ ہو

لُنْبَک ف بہرام گور کا سقا جو بہت سخی تھا۔ اور بادشاہ شراب اسکے ہاتھ سے پیتا تھا

کُوبَک ف خزانہ گنجینہ جس میں مال رکھا ہو

چُوبَک ف چھوٹی لکڑی نقارہ بجانیکی لکڑی

اِیْتَبَک ت بت۔ معشوق غلام۔ قاصد۔ ہرکارہ۔ یکدست

تُپَک ف تفنگ۔ بندوق

تَاتُک ف دلیر شجاع۔ قاتل بہادر لڑنیوالا آدمی

پتاک

پتاک ف مطرقہ۔ ہتھوڑا۔ لوہاروں کا ہتھیار۔

چپتاک ف لوسی۔ گھی میں تلی ہوئی روٹی۔ دودھ کی بالائی۔

دستاک ف پروانۂ سرکاری۔ دستاویز۔ تالی ارا

ترستاک ف بابل۔ ایک شہر پوشیدہ پیلو

چپتاک ف سرطاک۔ جوتا۔ چلواچکوری

خفتک ف مرض کابوس۔ نیند میں ڈر کر اٹھنا

ہتک ع پردہ دری۔ رسوائی۔ بےعزتی ہتک۔ بدنامی۔

ہتاک ع پردہ دری۔ رسوائی۔ بےعزتی ہتک۔ بدنامی

منہتک ع پردہ در۔ پردہ شوند۔ جس کا پردہ پھٹ جائے

تاجک ف وہ عرب جو عجم میں پرورش پائیں اور سوداگری کا کام کریں۔

کجاک ف آلہ آہنی ہاتھی ہانکنے کیواسطے۔ دل بہلانے کی لکڑی۔ گریبان کا سنجاف۔

فرنجاک ف مرض کابوس۔ بیماری جس سے انسان نیند میں ڈر کر اٹھتا ہے۔

ضحاک

چکاک ف قبالہ۔ بیع نامہ۔ حد زمین وغیرہ نزاع صاف کرنے کے واسطے لکڑی کا پنجہ۔ براءت۔ حصہ۔ وظیفہ۔ مخفف چکیدن۔ روشنی

شب چراک ف شب چراغ۔ رات کو روشنی

پاچاک ف اوپلا۔ سوکھا ہوا گوبر جو جلایا جاتا ہے

کلاچاک ف سر کے اوپر کی ہڈی۔ مغز کی ہڈی

کرچاک ف احمق۔ نادان۔ بیوقوف۔ جاہل آدمی

لچاک ت اوڑھنی۔ معجر جو عورتیں سر پر پہنتی ہیں۔

سرچاک ف چھوٹا۔ موسیقی کے ایک مقام کا نام

چیچک ت آبلہ۔ مائی بیماری جس سے جسم پر آبلہ نکلتے ہیں۔

حاک ع چھیلنا۔ دور کرنا۔ کمہانا۔ رگڑنا

ضحاک ع خندہ رو۔ خوش مزاج۔ ہنسنے والا۔

ضواحک ع اگلے چار دانت جو ہنسی میں نظر آتے ہیں

ضحک ع ہنسی جو آواز سے ہو۔ قہقہہ خندہ بآواز۔

مضحک ع ہنسی کی جگہ۔ ہنسی کا مقام خوشی کا موقع

ضحک

مُضحِک ع ہنسانے والا شخص - بھانڈ - مسخرہ - مطرب - نقال۔

مِحَک ع سنگ زرکش - کسوٹی - سونا پرکھنے کا پتھر

اَرشَحک ت برق - بجلی۔

طاخک ع درخت آزاد کا پھل

دادک ف بڈھا غلام - بڈھا خدمت گار جس سے کم خدمت لیں۔

زردک ف گاجر - ایک مشہور بھاجی۔

کُردک ف قوی ہیکل - قوی جسم - پہلوان صاحب نور۔

کردک ف بےحیا - زبان دراز - بے شرم یاوہ گو آدمی۔

کردک ف خیمہ - حجلہ - چیستان - پہیلی

مزدک ع نام مرد فصیح جو نوشیرواں کے وقت میں تھا

فدک ع ایک قریہ جہاں پیغمبر کا ایک باغ تھا

مشہک ع پارہ پارہ پڑنے - ٹکڑے ٹکڑے

غودک ف خلجان خاطر - وسواس - اندیشہ - پریشانی

کودک ف فضلہ - بچہ - سست - میلا آدمی - چھوٹا بچہ جو تنگ دیتا ہے۔

ارک ع قلعہ جس میں بادشاہ رہتا ہو - بادشاہی محل

ارک

رَرک ع ضعیف ہونا - کمزور ہونا - ناتوان ہونا

تَبارُک ع مبارک کرنا - بلند ہونا - پاک ہونا بزرگ ہونا۔

تَبارَک ع بزرگ ہوا۔

مُبارَک ع برکت دیا گیا - خوشی کے وقت بولنے کا لفظ۔

نامبارک ف منحوس - نامبارک چیز۔

تارک ف سر آدمی کا - میانہ سر - ع ترک کرنے والا۔

تدارک ع گم ہوئی چیز کو پانا - گم ہوئی چیز کی تلاش میں مصروف ہونا۔

سارک ع ایک سیاہ اور خوش آواز جانور

شارک ف مینا - ایک مشہور پرند۔

تشارک ع شریک ہونا - سہیم ہونا۔

مشارک ع شریک ہونے والا - ساجھی ہونے والا

متعارک ع کان ملنے والا - گوشمالی دینے والا شخص۔

معارک ع لڑائی کے مقام (جمع معرکہ)

بلارک ف شمشیر - جوہر تیغ - فولاد - عمدہ تلوار۔

بارک ع رحم - عورت کا بچہ دان۔

خیارک ع ایک دنبل جو ران کی طرف میں ہوتا ہے

برک

بَرَک ف قسم جامہ جو شتر کے بالوں سے بناتے ہیں۔

تَبَرُّک ع برکت رکھنا۔ مبارک جاننا

مُتَبَرَّک ع تبرک والا۔ برکت والا

اِسْپَرَک ف ایک زرد رنگ گھاس جس سے کپڑے رنگتے ہیں

تَرْک ع چھوڑ دینا۔ کلاہ۔ گوشۂ کلاہ۔ خود آہنی۔

تُرْک ف نام قوم۔ سپاہی۔ معشوق خوبصورت

دُور تَرَک ف بہت دور۔ بہت فاصلے پر

مُشْتَرَک ع بہت مالکوں کی ایک چیز۔ بہت معنی والا ایک لفظ۔

حِسِّ مُشْتَرَک ع ایک حس ظاہری باطنی میں بطور وکیل کے ہے۔

خوشْتَرَک ف بہت خوش۔ دل پسند مطبوع طبع۔

چِرک ف میل۔ ریم۔ لوہے کا میل۔

تَحَرُّک ع جنبش کرنا۔ ہلنا۔ حرکت کرنا۔ حرکت میں آنا۔

مُتَحَرِّک ع ہلنے والا۔ حرکت کرنیوالا

مُحَرِّک ع تحریک کرنیوالا۔ حرکت دینے والا۔ ہلانیوالا

ازک

دَرْک ع پانا۔ معلوم کرنا۔ دریافت کرنا آگاہ ہونا۔

دَرَک ع طبقۂ دوزخ۔ آگ کا طبقہ

مُدْرِک ع سمجھنے والا۔ پہونچنے والا۔ درک دینے والا۔

زَرَک ف ریزہ ہائے زر۔ سونے چاندی کے ٹکڑے

شَرَک ع جوشش خون۔ حلقہ ہائے دام۔ راہ وسیع۔

کَرْک ع نام قلعہ بنواحی البغاد۔ ایک پرندہ دم دراز جسکو عربی میں عقق کہتے ہیں۔

شایانِ لَعَمْرُک ع رسول صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا لقب۔

نَرَک ف حلقہ کرنا لشکر کا شکار کے لئے پہلوانوں کے زور کرنے کا مکان

وَرِک ع سرین۔ کفل انسان کے چوتڑ

بُورَک ت سنبوسہ۔ قسم طعام

زَنْبُورَک ف بندوق کلاں جو اونٹ پر لادتے ہیں

زیرک ف دانا۔ عقلمند۔ ہوشیار آدمی

مرغ زیرک ف طوطی۔ ابلیس یا شیطان

نازُک ف پتلی چیز۔ مطبوع۔ دل پسند۔

بزک

ستبزک ف نیل کنٹھ - ایک طائر کا نام

تُزُک ت ترتیب - انتظام - ضابطہ لشکر مجلس -

نغزک ف چیز عجیب - میوۂ انب

کثرک ف آلہ قیاباناں جو سواری کے وقت ہاتھ میں رکھتے ہیں -

بوزک ف سبزی جو باسی روٹی یا اچار پر بیٹھ جاتی ہے -

توزک ت سامان آرایش انتظام ترتیب لشکر

کنیزک ف باندی غلام زرخرید خدمتگار عورت

سناک ع حلقۂ آہن - سکہ لگانے والا -

نام قوم ترک

مساک ع ایک قسم کی خوشبو -

سماک ع مرکہ - ایک مشہور ترش چیز

تاسماک ف جمائی - انگڑائی جو انسان کو آتی ہے

تاسکت ع مرکز بیضوی شکل - جو شکل انڈے کی طرح ہو -

تماسک ع صبر - تحمل - وقار - نگہداشت بندش -

ناسک ع عبادت کرنے والا - قربانی کرنے والا

سک

مناسک ع جمع منسک - حاجیوں کی عبادت کے مقام

تشتک ف کیر - قضیب - آلۂ تناسل

حسک ع معرب خسک - گوکھرو - تخم خار دار

خسک ف گوکھرو - تخم خار دار - خار آہنی جو جنگ کے وقت دشمن کے گذرگاہ میں بچھا دیتے ہیں

غژسک ف لڑکوں کی ایک بازی

غنسک ع کھٹمل - ایک چھوٹا جانور جو چارپائی میں پیدا ہوتا ہے -

تسکتاک ع ریسپکم نقار - ایک درخت جسکی لکڑی کی آگ دیر تک رہتی ہے

مسک ع معرب مشک - کستوری - ایک مشہور خوشبودار چیز

دواء المسک ع معجون مقوی قلب جس میں کستوری ڈالتے ہیں -

تمسک ع پنجہ مارنا - قرضہ وغیرہ کی سند دستاویز

مستمسک ع پنجہ مارا گیا - بند کیا گیا - سند کیا گیا

ممسک ع بخیل - مال کو بند رکھنے والا - نفس پیچ کرنے والا -

[illegible] ف نام غلہ جسکو عدس کہتے ہیں - مسور

منسک ع عبادت - قربانی - احکام [illegible]

نسک

نُسُک ع جمع نسک، قربانیاں جو عید الضحیٰ کے روز حاجی لوگ کرتے ہیں
تَنَسُّک ع خداپرستی۔ خدا کی بندگی
مَنسَک ع عبادتگاہ۔ جائے قربانی
عُرُوسَک ف لعبت۔ گڑیا۔ منجنیق خورد ایک جنگی ہتھیار۔
شِک ع دوک۔ بادریشہ دوک
شَکّ ع شبہ۔ گمان۔
بیشک ف شک کے سوا۔ یقین۔
لَاشک ع بیشک۔ جس بات میں شک نہ ہو
نقطۂ شک ف باصطلاح صوفیہ عالم دنیا
اَشک ف آنسو۔ جو پانی آنکھوں سے جاری ہو
اُشک ت گدھا۔ خر۔ حمار۔ ایک مشہور جانور۔
یُشک ت دوڑنا۔ جھوٹ بولنا۔ عشوہ۔ غمزہ
پیشک ت زلف۔ سر کے بال۔ گریہ۔ رونا۔ زاری کرنا
پُشک ت سرگین جانوراں مینگنی۔
تُشک ع آپس میں ملانا انگلیوں کا
منجشک ف چڑیا۔ ایک مشہور پرند
پجشک ف پزشک۔ طبیب۔ حاذق۔ علاج کرنے والا

شک

خِشتک ف پارچہ چارگوشہ جو قبا کے زیر بغل اور پاجامہ کے زیر شرمگاہ سیتے ہیں۔
خُشک ف۔ خالص۔ بے فائدہ۔ بخیل۔ بے آب۔ بے رونق۔
آبِ خشک ف پیالۂ بلور (صفائی کے سبب)
چرب و خشک ف نیک و بد۔ بھلا برا تھوڑا بہت۔
خمیازۂ خشک ف آرزوے بیحاصل طمع بے فائدہ۔
زاہدِ خشک ف زاہد بے ذوق۔ زاہد بے علم۔
زرِ خشک ف زر خالص۔ زر بے آمیزش
رَشک ف حسد۔ غیرت۔
زِرِشک ع ایک میوہ۔ بادترش جو دوا کے کام میں آتا ہے۔
سِرِشک ف اشک۔ آنسو کا قطرہ
پزشک ف طبیب۔ معالج۔ علاج کرنیوالا (پجشک بھی)
کَشک ف دوغ خشک۔ پنیر جو سفید ... پکا ہوا طعام۔
کُشک ف محل۔ قصر۔ ایوان (مخفف کوشک)

کشاک

کشَاک ت حفاظت۔ پاسبانی۔ ذمہ واری
مُشَاک ع کستوری۔ ایک مشہور خوشبو۔
بیدِمُشَاک ف ایک درخت جس کا پھول
زرد و خوشبو مائل بیاہی ہے۔
تُوشَاک ت فرش نہالین جو بچھاکر سوئیں
کُوشَاک ف بلند محل۔ بادشاہی مکان
اونچا مکان۔
صَکَاک ع معرب چاپ ٹھوکنا۔ مارنا
نامہ۔ قبالہ۔ دستاویز۔
چقر اضَاک ف کشتی کا ایک داؤ۔
طلوکاک ف ایک ساز بجانے کا۔
کَعَاک ع نان روغنی و شیرین۔
تَشرَغاک ف بہت چھوٹا پرند۔ ایک
سرود کا نام۔
فَکَاک ع جدا کرنا۔ خلاص کرنا۔ آزاد کرنا
الگ کرنا۔
اِفَاک ع دروغ۔ بہتان۔ جھوٹ جو
کسی پر باندھا جائے۔
تُفَاک ف تفنگ۔ بندوق (اصل تپ یعنی توپ خوردہ)
شَدفَاک ف چرک چشم۔ میل جو آنکھوں کے
گوشوں میں جمع ہو جاتی ہے۔

الاک

سَفَاک ع قتل کرنا۔ مار دینا۔ ہلاک کرنا
کَفَاک ف کف آب وغیرہ۔ مقدار اندک
کم اندازہ
مُنفَک ع جدا کرنے والا۔ الگ کرنیوالا
علیحدہ کرنے والا۔
مُوتَفَک ع پھیرنے والا۔ واپس کرنیوالا
بازگشت کرنے والا۔
دَلقَک ت نام مسخرہ کا چھوٹی گھوڑی۔
تَشَکُّک ع شک میں پڑنا۔ وہم میں پڑنا۔
لَاک ف ابلہ۔ نادان۔ عدد صد ہزار لکھ یا
لاکھ
لَک ت سطبر۔ گندہ۔ موٹی چیز۔
ذَالِک ع وہ۔ یہ
کَذَالِک ع اسی طرح۔ اسی طور۔ ایسا ہی
سَالِک ع راستہ چلنے والا۔ خدا کی راہ میں
چلنے والا۔ طالب خدا۔
مَسَالِک ع راستے۔ بہت راہیں
(جمع مسلک)
مَالِک ع صاحب ملک۔ سوداگر جس نے یوسفؑ کو
چاہ سے نکالا۔ نام فرشتہ موکل دوزخ۔ داروغہ دوزخ
تَمَالُک ع اپنے نفس کا مالک ہونا۔ اختیار۔ طاقت

الک

مَمَالِک ع (جمع مملکت) بادشاہی مقامیں بادشاہیاں۔
مُہْلِک ع (جمع ہالک) بہت سے ہلاک کرنے والے۔
ہالِک ع ہلاک ہونے والا مرجانے والا۔ نابود ہونے والا۔
تَہَالُک ع ہلاک ہونا۔ مارا جانا قتل ہونا
مَہَالِک ع (جمع مہلک) بہت سی ہلاک کرنے والی چیزیں۔
بَلَاک ع تحفہ۔ چیز عجیب و غریب۔ پیشکش۔
طَبَلَاک ف چھوٹا نقارہ۔ سند کاغذات دفتر
پَلَاک ف موئے مژہ۔ آنکھوں کے گرداگرد چھڑا
پَیْمَلَاک ف پیمانہ۔ ماپ۔ کیل
ہَلَاک ع یہ۔ اشارہ قریب۔
قُتْلَاک ف ایک سردار مغل کا نام
حَلَاک ع سیاہی سخت۔
حُلَاک ع حالک سخت۔
دَلَاک ع مالش بدن۔ روغن وغیرہ بدن کو ملنا
دَلَاک ع زوال آفتاب۔ غروب۔ دوپہر کے بعد کا وقت۔
مِسْوَاک ع خرچ۔

ـلاک

کَزْلِک ف چھوٹی چھری قلمتراش۔ چاقو
سِلَاک ع رشتۂ مروارید۔ موتیوں کی لڑی۔
سَلَاک ع پرونا۔ ایک چیز کو دوسری چیز میں لانا
پَیْمِسْلَاک ف سمدھی۔ رشتہ دار
مَسَالِک ع جائے رفتن۔ چلنے کا مقام
نام ساز جو منہ سے بجاتے ہیں
مَسْلُوک ع پرویا ہوا گوندھا ہوا۔ رشتہ میں پڑا ہوا۔
شِلَاک ت چند بندوقیں ایک ہی مرتبہ سر کرنا
تَغْلَاک ف وہ برتن جسکا منہ چمڑے سے بند کرکے پیسے ڈالنے کیواسطے اسمیں چھید رکھا جائے
فُلْک ع کشتی۔ بیڑی۔
اَفْلَاک ع (جمع فلک) بہت سے آسمان۔
فَلَک ع آسمان۔ بلندی۔ اونچائی
آژدہاے فلک ف آسمان کی ایک شکل جسکو راس و ذنب کہتے ہیں
سَپَیدِ فَلَک ف آسمان کا قاصد یعنی چاند جو سریع السیر ہے۔
تُرکِ فَلَک ف آسمان کا سپاہی یعنی ستارۂ مریخ
سُتُون فلک ف کہکشاں جو مشہور ہے یا سات ستارے ہیں۔

چنبرِ فلک ف عرش معلی۔ عرش الٰہی
دبیرِ فلک ف آسمان کا منشی یعنی ستارہ عطارد
کِلک ف اندر سے خالی نے۔ قلم
کلک ع نشتر حجام۔ شوم۔ نامبارک منحوس شخص
بلا۔ رنج یعنی درد سر خرابی۔ ابتری پشیمانی
کلک ع بغل۔ آغوش۔ آدمی کی کچھ
کُلک ع بغل و آغوش۔ دنبہ کی آنکھ
لکلک ع ایک طائر آبی۔ مرغابی۔
مَلَک ع فرشتہ۔ ایک نوری مخلوق
مَلِک ع بادشاہ۔ فرمان فرما۔
مِلک ع مالک ہونا۔ حق سے لینا بذریعہ بیع وغیرہ
مُلک ع ولایت۔ علاقہ۔ خطہ۔ زمین کا حصہ
دار الملک ع تخت شہر۔ جس شہر میں
بادشاہ رہتا ہو۔
عبد الملک ع بنی امیہ کا ایک خلیفہ۔ مروان کا بیٹا
تملک ع مالک ہونا کسی ملکیت کا۔
مستہلک ع ہلاک ہونے والا۔ مرگ کا مقام
مہلک ع ہلاک کرنیوالی چیز۔ جائے ہلاک
متہالک ع اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنے
والا۔
پیلک ف ایک قسم کا تیر جس کا پھل چوڑا ہوتا ہے

میلک ع ایک کپڑا جو نیشاپور میں
بنا جاتا ہے۔
نیلک ف قسم جامہ سیاہ یا نیلہ رنگ
کوتیلک ت پیراہن۔ کرتا۔
تاتک ف نام بازی کودکان۔ مادر
گلی ڈنڈا
سرتاتک ف نام بازی کودکان یعنی
دائی مچھونا۔
سیاتک ف نام پسر کیومرث بادشاہ ایران
اتمک ت نان۔ روٹی
سو و اتمک ت۔ آب و نان۔ پانی اور
روٹی (سو = پانی)
مردمک ف آنکھ کی پتلی۔ انسان العین
برمک ع ایک آتش پرست جو مسلمان ہوا
اور اس کا بیٹا خالد نامی حکومت عباسیہ کا وزیر ہوا
گرمک ف قسم خربوزہ۔ ضد سرزدہ
سمک ع ماہی۔ مچھلی۔ زمین کے
نیچے والی مچھلی۔
سمک ع سقف۔ قد۔ بلندی۔
پشمک ف ایک قسم کا حلوا جو پشم جیسا
ہوتا ہے

شنک

چشمک ف آنکھ کا اشارہ

کمک ف اعانت۔ مدد۔

سلمک ف نام پردۂ موسیقی۔

منہمک ع ایک کام کوشش کرنے والا

دیمک ف مشہور کرم جو لکڑی کو کھا جاتا ہے،

آنک ف آبلہ جو چشم پر نکلتا ہے۔ ابھی اسی وقت۔ اکنوں

سمنک ف سیسہ جس سے گولہ بناتے ہیں

تبنک ف ایک کپڑا جسکی زمین ریشمی اور پھول طلائی ہوتے ہیں۔

تنک ف باریک۔ کم۔ اندک۔ نازک لطیف۔

صحنک ع چھوٹی رکابی۔

خنک ف سرد۔ خوش۔ خرم۔ مطبوع

کرنک ف اسپ سرخ رنگ۔ سرخا گھوڑا

ثنک ع قسم نام۔ چور۔ رہزن

ضنک ع تنگ۔ تنگی۔ تنگ حالی۔ افلاس۔ مقام تنگ۔

فنک ع نام جانور جس کے چمڑے سے پوستین بناتے ہیں۔

کنک ف [illegible]

روک

یلنگنک ت آہستہ۔ نرم نرم۔

کلنک ع بیل آہنی زمین کھودنے کی پھاوڑا۔ کودال۔

کلنک ف ایک بڑا پرند۔ ایک بجانیکا ساز

اینک ف ابھی۔ اسی وقت۔ یہ ہی

چکاوک ف ایک چھوٹا مرغ خوش آواز چنڈول۔

ناوک ف ایک قسم کا چھوٹا تیر۔

تبوک ع مقام درمیان حجر و شام جدہر ایک غزوہ مشہور ہے۔

چنوک ت گنجشک۔ چڑیا۔

فراشتوک ف ابابیل۔ ایک مشہور پرند دریستان

شلتوک ع شالی۔ برنج جو ابھی پوست میں ہو

خوک ف سؤر۔ خنزیر۔ ایک مشہور جانور۔

دوک ف لوہے کا تکلا جس سے سوت کاتتے ہیں

خدوک ع خشم۔ اشک۔ خجلت۔ اندوہ۔ پریشانی وسواس۔ دغدغہ۔ اندیشہ۔ فکر۔

وردوک ف چھپر جو چونے وغیرہ کا بنا کر مکانوں پر ڈالتے ہیں۔

اردوک ت مرغابی۔ ایک دریائی جانور

کہک	روک
لوک ف شتر بار بردار۔ جو آدمی لڑکوں کی طرح زانو پر چلے۔	متروک ع ترک کیا گیا۔ جدا کیا گیا چھوڑا گیا۔
سالوک ع بہت راستہ چلنے والا۔ سیاح۔ مسافر	خشوک ع رشت۔ شریر۔ خاردار چیز
دلوک ع زوال کا وقت۔ شام۔ غروب وقت غروب آفتاب۔	شوک ع خار۔ کانٹا۔
دلوک ع بدن پر ملنے کی چیز۔ روغن وغیرہ	خشتوک ف زشت۔ حرامزادہ۔ چرب زبان
زلوک ف جوک۔ مشہور کرم۔	غوک ف مینڈک۔ ایک مشہور آبی جانور
سلوک ع نیکی دہی۔ نیک راستے پر چلنا	جامہ غوک ف کائی۔ ایک گھاس جو پانی پر پیدا ہوتی ہے
مسلوک ع گیا ہوا۔ راستہ پر چلا ہوا۔ مسافر۔	خجغوک ت کنجشک۔ چڑیا۔
صعلوک ع فقیر۔ درویش۔ محتاج تارک دنیا۔	چغوک ت کنجشک۔ چڑیا۔
مفلوک ع فلاکت زدہ۔ مصیبت زدہ آفت کا مارا۔	کوک ف آواز بلند۔
چلوک ف وہ شخص جسکے ہاتھ پاؤں ٹوٹے ہوں	کوک ف آواز برابر کرنا۔ دو سازوں کو ہم آواز کرنا کھانسی کی آواز۔ ت۔ رنگ سیاہ گوں۔ بیخ و ریشہ درخت
ملوک ع جمع ملک، بادشاہاں۔ فرمانروایاں	گوک ف مغاک۔ خندق۔ گڈھا جو زمین میں ہے۔
مملوک ع ملک کیا گیا۔ بندۂ زرخرید۔ غلام۔	شب گوک ف دریوزہ گر۔ گداگر۔ فقیر محتاج
بولوک ت شہر۔ آسمان۔	ترکوک ع لتہ۔ چادر کہنہ۔ کپڑا۔ ایک پاٹ کی چادر۔
سموک ع جمع سمک، مچھلیاں	مشکوک ع شک شبہ والی چیز جسمیں شک ہو
نوک ف برچھی یا چھری کی نوک۔	منفکوک ع جدا کیا گیا۔ علیحدہ کیا گیا۔ الگ کیا گیا
آتاکشت ف چونہ جو عمارت کے کام آتا ہے	نلوک ع جولاہوں کی نال جس میں کھاریا کا پیلا رہتی ہے
بالوشک ف بجلی۔	

یهاک

سُنبهک ف تیز ہوا۔ اندھیری۔ گرد و غبار۔
یَکَت ف ایک۔ واحد۔
اَیک ف انبوہ درختاں۔ جنگل جس میں بہت درخت ہوں۔
پایک ف پیادہ۔ پاؤں سے چلنے والا۔
جنگلی پایک ف ایک حیوان جس کا چہرہ آدمی کا ہے اور پاؤں ایک رکھتا ہے۔
حایک ع سفید باف۔ جولاہا۔ کپڑا بننے والا۔
اَرائک ع جمع اریکہ۔ تختہائے بادشاہی بہت سے تخت۔
ملائک ع فرشتگان۔
معلم الملائک ع فرشتوں کا استاد یعنی شیطان
پائیک ف جمع کرنیوالا۔ اکٹھا کرنیوالا۔
لبیک ع حاضر ہوں تیرے سامنے تعظیم کا جوابی لفظ
پیک ف قاصد۔ ہرکارہ۔ پیام لانے والا۔
تاجیک ف عربزادہ عجم [illegible]
چیک چیک ف آواز مرغان۔ پرندوں کی آواز
تضحیک ع ہنسنا۔ ہنسانا۔ مسخری کرانا
نشیاک ع مشک۔ پانی کی جو چمڑے کی ہوتی ہے
دیک ف خروس۔ مرغا

نیاک

نزدیک ف پاس۔ قریب۔ پڑوس میں
باریک ف پتلا۔ نازک۔ پتلی چیز۔
گردن باریک ف ملایم۔ مطیع۔ فرمانبردار۔ نرم مزاج۔
تاریک ف اندھیرا۔ سیاہ۔ رات کی سیاہی
تحریک ع حرکت دینا۔ رغبت کرنا۔ متوجہ کرنا۔ مایل کرنا۔
ضرزیک ع ایک قسم کی توپ جس کا نشانہ دور پڑتا
آسیک ف بڑا خیمہ۔ بڑا ڈیرہ۔
وشتیک ع چالاک۔ قاصد تیز گام۔ تیز رفتار
کنیک ف پشو۔ ایک بہت چھوٹا اگر ندہ جانور
رکیک ع سست۔ ضعیف۔ باریک۔ حقیر۔ بے عزت۔
تشکیک ع شک میں ڈالنا۔ وہم میں ڈالنا
چالیک ف گلی ڈنڈا۔ نام بازی اطفال
ممالیک ع جمع مملوک۔ بہت غلام۔ [illegible]
سلیک ع پرانی ہوئی چیز۔ رشتہ میں پڑی ہوئی [illegible]
توسلیک ف ایک آگ [illegible]
ملیک ع مالک۔ سب کا مالک۔ نام حق تعالی کا
تملیک ع مالک کرنا۔ مالک بنانا کسی کو۔
نیک ف اچھا۔ بھلا۔ نیک بخت۔ بہتر
نیک ع جماع کرنا

بگ

گ

بگ ف غوک۔ ایک مشہور آبی جانور۔
شاہ۔ خان۔ امیر۔ ترکوں کا ایک لقب۔

بگلر بگ ت خان خانان۔ میر میراں۔

تگاپ ف قعر چاہ۔ عمق۔ بن یا پائین
ہر چیز۔ دوڑنا۔ گھوڑے کی تیز چال۔

ہمتگ ف موافق۔ برابر۔ تیز رفتاری
میں برابر۔

رگ ف نالی۔ نس جسم کی۔

خستہ رگ ف خبردار۔ ہوشیار۔ لیئق
آگاہ۔

شہ رگ ف جسم کی ایک بڑی رگ۔

برگ ف جھاڑ کا پتہ یا ورق۔ توشہ۔ خرچ
سامان۔ نوا۔

بید برگ ف ایک قسم کا پتھر جو بید کے
پتے کی طرح ہوتا ہے۔

خار برگ ف لالہ کوہی۔ پہاڑی لالہ۔

صد برگ / **گل صد برگ** ف گیندا۔ ایک پھول زرد رنگ

ورگ

سترگ ف بزرگ۔ کلاں۔ جسیم۔ فربہ
معتبر۔

جرگ ف حلقہ۔ معرکہ کشتی گیراں دنگل
کا مقام۔

بزرگ ف بڑا۔ صاحب قدر۔ امیر۔ پیر۔ مرشد
باپ۔ استاد۔

بزرگ ف دوازدہ مقام موسیقی میں سے ایک کا نام

بزرگ ف کتان یعنی السی۔

دستار بزرگ ف دلال کسبیوں کا۔
بھڑوا۔ قلتبان۔

نوروز بزرگ ف نام نغمہ۔ ایک سرود کا نام

کرگ ف کرگدن گینڈا۔ ایک جانور جس کا چمڑا
سخت ہوتا ہے۔ ایک ملک جو روس میں ہے

کرگ ف ایک شہر کا نام۔

گرگ ف بھیڑیا۔ ایک مشہور درندہ جانور

دم گرگ ف صبح صادق جسکا زمانہ اول ہوتا ہے

تگرگ ف ژالہ۔ اولے جو بادل سے برستے

مرگ ف موت۔ مرجانا۔ فوت ہوجانا

شادی مرگ ف وہ مرگ جو بسبب کثرت خوشی
کے واقع ہو

تورگ ف خرفہ۔ ایک مشہور ترکاری جسکا بیج دوا کے
کام آتا ہے

سنگ

سَگ ف کتا۔ مشہور جانور۔

نَگ ف (مخفف نگینہ) انگوٹھی کا نگ تاگو۔ کام

بانگ ف آواز۔ پکار۔ ندا۔ اذان

گلبانگ ف خوشی کی آواز۔ مبارکباد کی صدا۔

دانگ ف چھ رتی کا ایک وزن۔ دینار کا ششم حصہ۔

چاردانگ ف جو چیز اپنے امثال کے بہ نسبت دو چند ہو۔ ہندوستان جو دوسرے ملکوں سے بڑا ہے

شش دانگ ف ایک دینار کا وزن

ناردانگ ف آب انار۔ انار کا پانی

بنگ ف سبزہ نشہ دار

تُنگ ف کوزہ جس میں عطر وغیرہ ڈالیں کوزہ جس کا پیٹ بڑا اور منہ چھوٹا ہو۔

تِنگ ف منقار مرغاں۔ پرند کی چونچ۔

تَنگ ف خربار۔ گدھا گھوڑے کا بوجھ۔ زین باندھنے کا تنگ۔ کارنامہ نقاشاں۔ بدخشاں میں ایک ملک۔ قریب یا نزدیک۔ چھوٹا

دلتنگ ف بخیل۔ غمگین۔ دلگیر اندیشہ ناک

دنگ

نمطہائے تنگ ف دقائق سرود۔ راگ کی باریکیاں۔

ارتنگ ف ارژنگ۔ مانی نقاش کی تصنیف کی ایک کتاب۔

جنگ ف لڑائی۔ جھگڑا

چنگ ف پنجہ دست۔ بجانے کا ساز۔

خرچنگ ف سرطان۔ کنکچہ۔ ایک آبی جانور۔

سرچنگ ف کسی کے سر پر طمانچہ مارنا۔

خنگ ف اسپ سفید مائل بسبزی۔ سفید گھوڑا مائل ابرخی۔

نقرہ خنگ ف سفید گھوڑا۔ نقرہ گھوڑا۔

دنگ ف دیوانہ۔ حیران۔ احمق۔ نشان نقطہ دو پتھر [illegible] کے کھڑکنے کی آواز

دنگ ف چند کی لمبی لکڑی جس سے شالی کوٹتے ہیں۔

بادنگ ف چند یا لکڑی جس سے شالی یا کاہ کوٹتے ہیں۔

خدنگ ف تیر۔ ایک درخت جسکی لکڑی سیدھی ہوتی ہے اور اس سے تیر بناتے ہیں

زردنگ ف مجیٹھ۔ کپڑے رنگنے کی ایک چیز

رنگ

رَنگ ف رنگ یا لون۔ حصہ۔ عیب و عار۔ رنج و محنت۔ قوت۔ جان۔ شتر قوی۔ مال و زر۔ نفع۔ گھوڑی۔ طرز۔ مکر و حیلہ۔ خوبی۔ خوشی۔ رونق۔ قمار۔ فال۔ لفظ خشم۔ خیانت۔ اوگنا و جھنا۔

آبِ رنگ ف گلگونہ۔ غازہ جو منہ پر ملتے ہیں۔

ارتنگ ف تصویر کا خاکہ۔ مانی کا نقش

تیرہ رنگ ف سیاہ رنگ۔ سانولا رنگ

دو رنگ ف منافق۔ ریاکار۔ دغاباز آدمی

شب رنگ ف کالا مشکی۔ سیاہ فش کے گھوڑے کا نام۔

شکرنگ ف ناخوش۔ غمناک۔ اندیشہ ناک۔ دلتنگ۔ رنج۔

شکستہ رنگ ف زرد رنگ جس کا چہرہ زرد ہو۔

شہابے نیم رنگ ف ناتمام مرد

نیم رنگ ف رنگ باختہ۔ ناقص۔ ناتمام چیز

ہفت رنگ ف سات رنگ یعنی سفید۔ سرخ۔ سبز۔ زرد۔ سیاہ۔ کبود۔ شہابی

ہم رنگ ف موافق۔ یکرنگ۔ صورت و شکل میں برابر

نارنگ ف نارنج۔ ایک مشہور میوہ۔ نارنگی

زنگ

ترنگ ت آواز کمان جو تیر چلانے کے وقت نکلتا ہے۔

ترنگا ترنگ ف تلوار کی آواز جو مارنے کے وقت نکلتی ہے۔

درنگ ف توقف۔ دیر۔ فرصت۔ آہستگی۔ سہولیت۔

بے درنگ ف دیر کے سوا۔ بے توقف۔ تمام جلد

فرنگ ف نام ملک ولایت فرنگیاں۔ فرنچ کا ملک۔ فرانس۔

باد فرنگ ف ایک مشہور مرض۔

اسفرنگ ف سمرقند کے پاس ایک شہر

سیف اسفرنگ ف سیف نام شاعر جو سمرقند کے اس شہر میں رہتا تھا۔

اورنگ ف بادشاہی تخت۔

ہفت اورنگ ف سات ستارے یعنی قمر عطارد زہرہ شمس مریخ مشتری اور زحل

کیرنگ ف ایک قصبہ کا نام

نیرنگ ف مکر۔ فریب۔ طلسم۔ سحر۔ افسون۔ جادو۔ عجائبات

زنگ ف برص۔ گشنیز۔ نام ولایت۔ لوہے کا میل۔

ژنگ

ارژنگ ف چین۔ شکنج جو پیری میں منہ پر پڑے میوہ۔ پھل۔

ارژنگ ف ایک کتاب مانی نقاش کی تصنیف یعنی نسخہ ایک بت کا نام نقاشوں کے نقش کا نسخہ

سنگ ف پتھر۔ وزن گرانی۔ مقدار۔ قیمت

پاسنگ ف وہ باٹ جو دونوں پلوں کے برابر کرنے کیلئے ترازو میں رکھا جائے۔

جوسنگ ف مقدار جو۔ جو کا تول۔

خرسنگ ف بڑا پتھر۔

شلیتہ سنگ ف شکستہ۔ خراب۔ ابتر حال

گران سنگ ف عزت دار۔ صابر قانع قائم الطبع۔

ہمسنگ ع برابر وزن کی چیز برابر تول کی چیز

فلاسنگ ف فلاخن جس سے دشمن پر پتھر مارتے ہیں گوپھن

فرسنگ ف مقدار سہ میل تین میل کا فاصلہ

شنگ ف شوخ۔ تیز طبع۔

پشنگ ف نام پدر منوچہر و پدر افراسیاب

آونگ ت ریسمان یا الگنی جس سے انگور وغیرہ لٹکاتے ہیں۔ اونگ۔

ہوشنگ ف نام بادشاہ جو فارس میں تھا

نگ

تفنگ ف بندوق۔ (در اصل تپک یعنی توپ خورد)

دبنگ ف بیحیا۔ زبان دراز۔ بیشرم۔ یاوہ گو

شنگ ف بال مرغ۔ بازوئے انسان۔ شاخ درخت

ارنگ ت دیوار مورچال قلعہ۔ دیوار جس سے مورچال بنی ہوں۔

ارنگ ع سبزہ زار۔ گھاس والی زمین

بلنگ ف حیوان دم بریدہ جس جانور کی پونچھ نہ ہو

گنگ ف مرد بے زبان جو بول نہ سکتا ہو۔

گنگ ف گنگا ندی ہند کا ایک متبرک دریا

لاکنگ ف پس خوردہ طعام جو طعام کھانے کے بعد بچے۔ ترلہ۔

لنگ ف عضو تناسل

لنگ ف لنگڑا۔ ایک پاؤں والا شخص

تیمور لنگ ف تیمور بادشاہ جو لنگڑا تھا۔

شتر لنگ ف تھوڑا لنگڑا جس کی ٹانگ میں لنگ ہو

خدنگ ف کمان کی تیر بان۔

شتالنگ ف شتالنگ۔ پنڈلی کی ہڈی

شالنگ ف ڈنڈ۔ جرمانہ۔ جو چیز بدلے میں چھین لی جائے۔

پلنگ ف چیتا۔ مشہور درندہ

نگ

تلنگ ف دکھن میں ایک علاقہ کا نام ہے

تلنگ ف انا انگلیوں کا دف دو اثرہ پر

تلنگ ف حاجت۔ خواہش

ٹنگ ف کودنا۔ جست مارنا۔

تلخنگ ف نام ورزش کا جو کشتی گر کرتے ہیں

اگو تنگ ت سبزہ زار۔ زمین جس میں گھاس ہو

تگناک منگ ف تاتار میں ایک قلعہ کا نام

ننگ ف شرم۔ عار۔ حیا۔ ناموس۔ آبرو

آونگ ت آنہا۔ وہ لوگ۔ وہ شخص

آہنگ ف ش تعجیل۔ طرز۔ روش۔ خواہش۔ قصد۔ ارادہ۔ موافق

پیش آہنگ ف پچھلی فوج۔ پسند اول

پیش آہنگ ف اگلی فوج۔ اول کا تارا

دود آہنگ ف دھوئیں نکلنے کا روزن

تیز آہنگ ف بلند آواز۔ اونچی آواز

شب آہنگ ف وہ ستارہ جو شام کو سب سے اول ظاہر ہو

مرغ شب آہنگ ف بلبل۔ ایک مشہور پرند

شش آہنگ ف ش خشت لچہ کا نام جسمیں طرح طرح ہیں اور زرا اس میں [illegible] ڈال کر دراز کرتے ہیں

ہنگ ف مرد دانا کا لقب۔ جو بڑا پہلوان ہو۔ دانش

فرہنگ ف عقل۔ ادب۔ اندازہ۔ خلق نیک۔ ہوش۔ دانش

نیگ

پالہنگ ف باگ۔ گھوڑے کے باندھنے کی ڈور

شالہنگ ف مکر حیلہ گروہ۔ ظلم و ستم۔ سرکش

نہنگ ف مگر۔ سنسار۔ ایک مشہور جانور آبی

بوتینگ ف ایک قسم کا سبزہ اور ساگ۔

سوگ ف ماتم۔ اندوہ۔ غم جو کسی میت کا کیا جائے

گوگ ف آسمان۔ رنگ کبود۔ نیلا رنگ

بیگ ت امیر۔ سوداگر۔ افسر۔ سرگروہ۔ عزت والا آدمی۔

بیگلربیگ ت بگلربگ۔ امیر الامرا۔ سپہ سالار۔ بڑا سردار

دیگ ف ہنڈیا جس میں کھانا پکاتے ہیں

ریگ ف ریت۔ ریتی۔

مردہ ریگ ف مردہ۔ ناچیز۔ فرومایہ۔ کمینہ۔ مفلس۔ نادار۔ میراث۔ ترکہ

سیگ ت عضو تناسل

آخشیگ ف ضد مخالف۔ جو عنصر دوسرے کا ضد ہووے۔ اور اس کے بدل کو آخشیج کہتے ہیں

ال

ل

اِلّ ع پیمان۔ سوگند۔ قول و قرار مستحکم۔

آل ع فرزندان۔ اہل خانہ۔ متعلقان۔ ت رنگ سرخ۔ اسپ۔ قسم شراب۔ چوب خیمہ۔ زچہ عورت کی ایک بیماری۔ مہر بادشاہ۔ جاگیر بخشنا۔ پنجابی بار ایک جس سے کپڑا سرخ کرتے ہیں۔

بال ف دل و جان۔ عیش و عشرت۔ شان عظمت۔ ت آدمی کے بازو۔ مرغوں کے پر۔ ایک بڑی مچھلی۔ بالیدن سے امر۔ ت شہد۔ عسل۔

ذی بال ع صاحب عزت۔ شان۔ صاحب فخر۔ صاحب خوبی۔

سوزن بال ف پرہائے بچہ مرغ۔ چھوٹے چھوٹے پر۔

فارغ البال ف بے تعلق۔ خالی۔ بیکار۔

جبال ع (جمع جبل) بہت سے پہاڑ۔

ذبال ع (جمع ذبالہ) فتیلہ ہا۔ بتیاں دیوے

سربال ع پیراہن۔ ہر چیز پوشیدہ

طربال ع بلند مینار جو مسجد وغیرہ مقامات میں بناتے ہیں

تال

غربال ع پرویزن۔ چھلنی۔ آٹا چھاننے کا آوند۔

سُبال ع (جمع سبلت) مونچھیں۔ بروت ہا

سَبال ع جس شخص کو سبل یا آنکھ کی بیماری ہو

اسبال ع جاری کرنا۔ کپڑا لٹکانا۔ پردہ ڈالنا۔

اقبال ع قبول کرنا۔ آگے لانا۔ آگے آنا دولت کا۔ حکم۔ دولت۔ طالع۔

استقبال ع پیشوائی کرنا کسی کے لینے کو جانا

مبال ع جائے بول۔ قضیب مرد۔ شرمگاہ زن

بلبال ع اندوہ۔ غم۔ پریشانی۔ دلگیری۔

ذنبال ع حیوانوں کی دم۔ پس۔ عقب۔ پیچھا۔

وبال ع ویرانی۔ سختی۔ گرانی۔ خرابی۔ بربادی

قوبال ع بادہ مس۔ دا آہن۔ رگڑا ہوا تانبا اور لوہا۔

گوپال ف گرز آہنی۔ جنگ کا ایک ہتھیار۔

بال گوپال ف شان۔ شوکت۔ عزت۔ انتہا۔

تال ف کنیاں۔ د۔ خورد پیالیاں جو رقص و سرود کے وقت طبلے کے ساتھ سجاتے ہیں

مختال ع متکبر۔ مغرور آدمی۔

قتال ع جنگ۔ لڑائی۔ معرکہ۔ لڑائی کا میدان

قتّال ع لڑنے والا۔ بہادر۔ جوانمرد۔ پہلوان

ثال

اِمتثال ع فرمانبرداری متابعت۔ اطاعت

مِثال ع تشبیہ نظیر تصویر فرمان قاضی یا مانند یہ و احکمنامہ

بیمثال ف بے نظیر بیچوں جسکا برابر نہو۔

عالم مثال ع عالم موجودات۔ کائنات پیدائش۔

اَمثال ع داستانہا مشہور صفتیں۔ قصے

تِمثال ع صورت پیکر فرمان بادشاہی

آجال ع (جمع اجل) مرگہا۔ بہت سے اجل

رِجال ع (جمع رَجُل) آدمیاں۔ مردم۔ مردان

خفض الرجال ع غیبت۔ کلام بے فائدہ فضول گوئی۔

قحط الرجال ع مردونکی کمیابی۔ خرابی کا زمانہ

سِجال ع (جمع سجل) ڈولہا۔ بہت سے ڈول پانی کے۔

اَعجال ع (جمع اعجل) شتاباں۔ جلدی کرنے والے۔

استعجال ع جلدی کرنا۔ شتاب ہونا

مَجال ع جولان کرنیکا مقام۔ قدرت۔ طاقت

اوجال ع (جمع وجل) بیمہا۔ خوف ہا۔

چال ف وہ گھوڑا جسکے بال سرخ و سفید ہوں۔

حال

پاچال ف جس گڑھے میں جولاہے پاؤں لٹکا کر کام کرتے ہیں۔ گاڑھ

سیہ چال ف چاہ بے آب جس میں قیدیوں کو قید کرتے ہیں۔

مورچال ف مورچل۔ قلعہ کے گرد ایک خاک جسکی اوٹ میں قلعہ والوں سے لڑتے ہیں

حال ع زمانہ موجود۔ وقت۔ رقص وجد عارفانہ گوئیے وجگاں۔ حالت۔

آشفتہ حال ف پراگندہ حال۔ پریشان خاطر۔ غمگین۔ اندیشہ ناک۔

الحال ع اکنوں۔ اب۔ اسوقت۔ اسدم

بای حال ع بہر حال۔ ہر حالت میں

علی الحال ع زود۔ شتاب۔ اسی وقت

فی الحال ع اسیوقت۔ فوراً۔ بہت جلد۔ اسیدم

مرفہ الحال ع آسودہ حال۔ خوش معاش مالدار۔ دولتمند۔

اِکتحال ع آنکھوں میں سرمہ

انتحال ع کسی دوسرے کا سخن یا شعر اپنا بولنا یا بتانا۔

رِحال ع (جمع رحل) گھوڑا چوبائی لکڑی جسپر قرآن رکھیں۔

حال

ترحال ع کوچ کرنا۔ رحلت کرنا۔ چل دینا

طحال ع سپرز تلی۔ ایک اندرونی عضو کا نام۔

کحال ع سرمہ کش۔ آنکھوں کا طبیب سرمہ بنانے والا۔

محال ع غیر ممکن۔ جس بات کا وقوع مشکل ہو۔ ناممکن۔

محال ع جائے محل۔ اترنے کا مقام بہت سے محل (جمع محل)

محال ع مکر۔ حیلہ۔ فریب۔ دغا۔

خال ع ماموں۔ والدہ کا بھائی بزرگی دانائی تل۔ نقطۂ سیاہ۔ آبلہ پھالہ

خلخال ع جھانجھ۔ پاؤں میں پہننے کا ایک زیور

پشکال ف سرگین مرغاں بیٹ مرغوں کی

دال ع الف بے کا ایک حرف۔ راہنما۔ راستہ دکھلانے والا۔ پیر و مرشد۔ استاد

بدال ع غلہ فروش۔ بقال۔ سبزی فروش

ابدال ع بدلنا۔ بدلانا۔ معاوضہ کرنا۔

ابدال ع گروہ اولیا جو جہاں میں منتشر رہتے ہیں چالیس شام اور تیس تمام جہان میں

ذال

حسن ابدال ف نام مزدلی پنجاب میں ان کے مزار کا نام۔

کوچک ابدال ف قلندر کے چھوٹے مرید کو کہتے ہیں۔

اعتدال ع برابر ہونا۔ یکساں ہونا ایک وزن ہونا۔

ابتذال ع بے اعتباری۔ بے قدری بے عزتی۔ بے توقیری۔

قذال ع پس سر۔ دنبال گوش۔

زال ف زن پیر۔ مرد پیر کہن سال

پیرزال ف بوڑھی عورت۔ نہایت ضعیف عورت۔

لازال ع لازوال۔ ہمیشہ رہنے والی چیز بے زوال۔

اعتزال ع گوشہ پکڑنا۔ خلوت نشینی الگ رہنا

غزال ع نام پردہ موسیقی قسم راگ

غزال ف آہو۔ بچۂ آہو۔ بردہ آفتاب سورج۔

لعاب الغزال ف تپا شہ قسم شیرینی۔

زلزال ع لرزہ دینا کنبانا۔ لرزانیدن

ذال

مَزَال ع لغزش ۔ جائے لغزش ۔ پھسلنے کی جگہ۔

اِنْزَال ع اُترنا۔ اُتارنا۔ اخراج منی جماع کے وقت۔

ہُزَال ع لاغری۔ ناتوانی۔ کمزوری ضعیفی

لَایَزَال ع ہمیشہ [?]۔ نام خدا تعالےٰ [?]

سَال ف برس ھ نام درخت یونانی میں شہتی [?]

اِمسَال ف اب کے برس۔ اس برس میں

پَارسَال ف گذرا برس۔ سال گزشتہ۔

پِیرسَال ف کہن سال۔ بڈھا ضعیف

تَشنج [?] سَال ف قحط کا برس۔ گرانی کا برس

تَشْمِیج [?] سَال ف رشتہ سالگرہ جو باندھتے ہیں

خُشک سَال ف تنگسال قحط سال جس برس میں برسات کم ہو۔

سِیَہ سَال ف قحط سال جس سال غلہ گران ہو

قَحْط سَال ف قحط یا گرانی کا برس۔

اِبْسَال ہو نام عاشق سلاماں جنکا ذکر کتاب سلامان ابسال میں مشہور ہے۔

آبسَال ف باغ۔ بوستاں۔ سبزہ زار گلزار

صال

اِنْفِصَال ع نسل پیدا ہونا۔ فرزند پیدا ہونا

اِرْسَال ع خط و تحفہ وغیرہ

گُسَال ع دور۔ جدا۔ علیحدہ۔ الگ۔

سَلْسَال ع آب شیریں۔ آب خوشگوار و سرد میٹھا پانی۔

مَسَال ع (جمع مسلہ) جوال دوز لوگ سوزن کلاں جوال سینے کا

یَسَال ت یسل۔ سپرہ فوج

گُشَال ع دو شالہ۔ قسم جامہ پشمین

آصَال ع شام

بِالْغُدُوِّ وَالْآصَال ع صبح کو شام کو ہر روز۔

اِتِّصَال ع ملنا۔ پیوند ہونا۔ واصل ہونا ایک جا ہونا۔

تَفَرُّقِ اِتِّصَال ع زخم کا بھر جانا۔ زخم کا اچھا ہونا۔

خِصَال ع (جمع خصلت) عادتیں خوئیں

فِصَال ع جدائی۔ الگ کرنا۔ دودھ چھڑانا بچہ کا

فَصَّال ع جدا کرنے والا۔ دربان پردہ دار دودھ چھڑانے والا

صال

انفصال ع فیصلہ کرنا مقدمہ کا ختم کرنا فساد کا۔

صلصال ع بالو ریت سے ملی خشک یا پکی مٹی جس کو ہاتھ مارنے سے آواز نکلے

فصال ع (جمع فصل) بہت سے تیر و نیزے

وصال ع ملنا۔ واصل ہونا۔ دوست ہونا یار

وصّال ع پیوند کرنے والا کسی چیز کو جوڑنیوالا

وُصّال ع (جمع واصل) بہت سے جوڑنیوالے

ایصال ع پہونچانا۔ وصول دینا۔ ادا کرنا

استیصال ع بیخ سے نکالنا۔ دور کرنا معدوم کرنا

ضالّ ع گمراہ۔ جو سیدھی راہ پر نہو

طال ع دراز ہوا۔ بڑھ گیا۔ لمبا ہوا

بطّال ع بیکار۔ دروغ گو۔ باطل بولنے والا۔ جھوٹا آدمی

ابطال ع باطل کرنا۔ ضایع کرنا گنوا دینا

ابطال ع (جمع بطل) دلیران۔ زورآوران۔ پہلوانان جنگ آور۔

بعال ع زن جماع و بعولیت۔ زمین بلند۔ نیز (جمع بعل) شوہران۔ مردان۔

ثقال ع آلہ۔ چلہ آلہ۔ سیاہ

فال

اشتعال ع روشن ہونا۔ آگ کا بھڑکنا افروختہ ہونا۔

افتعال ع تہمت بہتان جھوٹ جو کسی پر باندھا جاوے۔

مشتعال ع بلند ہونیوالا اونچا کود پڑنے والا

شعال ع ہرنہ کھیا لمبی۔

اشعال ع شعلہ زن کرنا افروختہ کرنا۔ آگ کا روشن کرنا۔

فعال ع (جمع فعل) بہت سے کام

فعّال ع بہت کام کرنے والا۔ محنتی آدمی جفاکش۔

عقل فعّال ع عقل عاشر جو دسویں فرشتہ کا نام ہے۔ جبرائیل۔

افعال ع (جمع فعل) بہت سے کام

انفعال ع شرمندہ ہونا شرمسار ہونا شرمندگی

نعال ع (جمع نعل) کفش ہا۔ پاپوشیں۔ جوتیاں۔

صف نعال ع آخیر کی صف جو جوتیوں کے پاس ہو

انفال ع [illegible]
[illegible]

غال

اشتغال ع مشغول ہونا۔ مصروف ہونا۔

شنوزغال / سیورغال } ت مدد معاش انعام روزینہ جاگیر

شغال ف گیدڑ۔ ایک مشہور جانور

اشغال ع (جمع شغل) بہت شغل اور کام۔ علاقے

تیغال ع ترنجبین۔ ایک مشہور دوا

فال ف شگون لینا قرعہ وغیرہ کے ذریعہ سے

سفال ف آوندگلی۔ مٹی کا برتن

اغفال ع غفلت کرنا۔ بیخبری۔ جہل نادانی۔

اقفال ع (جمع قفل) بہت سے تالے۔

انفال ع (جمع نفل) غنیمت کا مال جو کفار سے لیں۔

قیفال ع ایک رگ جس کے چھوڑنے سے سر اور چہرہ کا خون آتا ہے

قال ع گفتگو۔ بات۔ تقریر۔

قیل و قال ع گفتگو۔ بات چیت۔ آپس کی تقریر۔

بقال ع سبزی فروش۔ کنجڑا۔ دکاندار غلہ فروش۔

اعتقال ع بند کرنا۔ مسدود کرنا۔

کال

انتقال ع نقل کرنا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ پر جانا۔ مرجانا۔

اثقال ع (جمع ثقل) گرانیہا۔ بار ہا بہت سے بوجھ۔

اثقال ع گراں بار ہونا۔ بھاری ہونا مالدار ہونا۔

مثقال ع وزن ساڑھے چار ماشہ

سقال ت محاسن۔ لحیہ۔ ریش۔ داڑھی

عقال ع وہ رسن جس سے اونٹ باندھیں

تقال ع گفتگو کرنا۔ بات چیت کرنا۔

نقال ع نقل کرنیوالا۔ ایک مقام سے دوسرے مقام پر پہونچانے والا۔

اکال ع بہت کھانے والا۔ جس کو بھوک بہت ہو۔

اتکال ع توکل کرنا۔ بھروسا کرنا۔

پرتگال ف نام قوم فرنگ۔ قسم شراب انگوری

زکال ع زغال۔ کوئلہ جو لکڑی سے بناتے ہیں

شکال ع پیچھاں اسپ شتر۔ مکر۔ فریب۔ دغا۔

اشکال ع مشکلات۔ دشواری۔ سختی کٹھن معاملہ۔

اشکال ع (جمع شکل) شکلیں۔ صورتیں

کال

اَفضَلُ الاَشکَال ع سب سے اچھی شکل گول یا مدوّر شکل۔
بَرشَکَال ف برسات کا موسم۔ دراصل برس کال لفظ ہندی بمعنی وقت بارش
نَکَال ع عقوبت۔ رنج۔ غم۔ اندوہ۔ آفت۔ بلا۔
مِیکَال ع میکائیل۔ نام فرشتہ جو رزق پر موکل ہے۔
سِگَال ف خیال۔ اندیشہ۔ وہم۔ گمان خیال۔ سگالیدن سے امر۔
بَدسِگَال ف بد اندیش۔ دشمن۔ بداولی بیبری۔

لال

لَال ف گنگ۔ بیزبان۔ رنگ سرخ۔
بَلَال ع نام موذن پیغمبر کا جو حبشی تھا۔
تَلَال ف کریوہ یا پشتہ یا بہت سے پشتے۔
اِعتِلَال ع علت لانا۔ بیمار ہونا۔ بہانہ لانا۔
جَلَال ع بزرگی۔ عزت۔ حرمت۔ بڑائی۔ فخر
ذوالجَلَال ع صاحب بزرگی۔ خدا کا نام
مُلّا جَلَال ع نام کتاب منطق میں جو شرح تہذیب کی ہے۔
اِجلَال ع بزرگی۔ عزت۔ توقیر۔ آبرو۔
حَلّال ع گرہ کھولنے والا۔ تیل بیچنے والا۔
حَلَال ع وہ چیز جس کا کھانا اور برتنا شرعاً درست ہے۔
سِحرِ حَلَال ع شعر و سخن فصیح۔ نام مثنوی اہلی شیرازی۔
اِنحِلَال ع کشادہ ہونا۔ نابود ہونا۔ ناچیز ہونا
خِلَال ع فاصلہ میان دو چیز۔ دوستی کرنا۔ لائق کرنا کسی کو۔ جمع خلیل (بہت سے دوست) خلالیں چوب دنداں۔ خس۔ گیاہ۔ تنکا۔
اِختِلَال ع تباہی۔ خرابی۔ بربادی۔
دَلَال ع غمزہ۔ اشارہ۔ آنکھ سے رمز کنایہ
دِلَال ع ناز۔ کرشمہ۔ رمز۔ کنایہ۔
دَلّال ع جو شخص اشاروں سے کام کرے۔ ثالث شخص جو سودا کرے۔
اِستِدلَال ع دلیل لانا۔ گواہی چاہنا۔ راہ نمائی چاہنا۔
زُلَال ع ایک کرم جو برف میں پیدا ہوتا ہے۔ آب سرد و شیریں۔
ضَلَال ع گمراہی۔ بے دینی۔ فسق و فجور۔
اِضلَال ع بے راہ کرنا۔ بدکاری میں لانا۔ گمراہ کرنا

لال

اَطْلال ع (جمع طلل) نشانہائے سرائے کہنہ

ظَلال ع سایہ ابر۔ جائے سایہ۔ جس جگہ پہ سایہ پڑے۔

ظِلال ع (جمع ظل) بہت سے سائے۔ سایہ ہا۔

اِسْتِظْلال ع سایہ پکڑنا۔ پناہ لینا کسی کی حمایت میں آنا۔

اِغْلال ع خیانت۔ کینہ۔ بغض و عناد۔ نفاق۔

اَغْلال ع (جمع غل) طوق ہائے آہنی۔ آبہائے رواں۔

اِقْلال ع قلیل کرنا۔ تھوڑا کرنا۔ درویشی۔ فقیری۔ محتاجی۔

اِسْتِقْلال ع مضبوطی پکڑنا۔ مستحکم ہونا۔ قائم ہونا

بِالاِسْتِقْلال ع مضبوطی کے ساتھ۔ مضبوطی کے ساتھ۔ بذات خود کسی کام پر مستعدی سے

کَلال ع ماندگی اعضا۔ تھکن۔ جسم کی کندی

کَلال ع کم شستگی کے بغیر ہاتھ ہلا کر آنا۔

کَلال

مَلال ع دلگیری۔ تنگدلی۔ شکستہ خاطری

ہال

اِہْمال ع ملول کرنا۔ دلگیر کرنا۔ اندیشے میں ڈالنا۔

ہِلال ع تراش ناخن۔ نیا چاند۔ پہلی رات کا چاند۔

ہِلال ہِلال ع پارہ پارہ۔ ٹکڑے ٹکڑے

بَنی ہِلال ع عرب کا ایک قبیلہ۔

شتران بنی ہلال ع مکہ کی راہ میں ایک نخلستان۔

نیم ہلال ف کنایۃً ابروئے معشوق

اِسْتِہْلال ع نیا چاند دیکھنا۔ رونا بچہ کا ولادت کے وقت۔ روشن ہونا

مَآل ع جائے بازگشت۔ انجام۔ اخیر

مال ع جس کو دیکھکر انسان میل کرے زر و جواہر وغیرہ۔ سامان۔ دولت۔

بیت المال ع بادشاہی خزانہ

پائمال ف خراب۔ خستہ۔ پریشان۔ ابتر۔ پامال۔

پیل مال ف ایک قسم کی تعذیب جس میں مجرم کو ہاتھی کے پاؤں میں ڈالکر مارنا۔

[illegible] مال ف [illegible]

مال

دستمال ف ہاتھ پونچھنے کا کپڑا
راس المال ع سرمایہ تجارت۔ پونجی
رومال ف منہ پونچھنے کا کپڑا
کشتمال ف ورزش پہلوانوں کی۔ کشتی
آمال ع جمع امل، امیدیں۔ آرزوئیں
اشتمال ع شامل ہونا۔ متفق ہونا کسی کے ساتھ ہونا۔
استمال ع مایل کیا گیا۔ تسلی دیا گیا۔ اطمینان کیا گیا۔
جمال ع خوبصورتی۔ حسن کی خوبصورتی
جمال ع جمع جمل، بہت سے حساب ابجد
جمال ع خوبصورت لوگ۔ صاحب حسن و جمال
جمال ع شتربان۔ ساربان
اجمال ع مختصر بات کہنا۔ بہت سے مضمون کو تھوڑی بات میں ختم کر دینا۔
حمال ع بار اٹھانے والا جس نے بار اٹھایا ہوا ہو۔
احمال ع بار اٹھانا۔ بوجھ اٹھانا۔ بھاری ہونا۔
احمال ع جمع حمل، بار ہا۔ گرانبہا۔ بہت سے بوجھ

اندمال ع بھر جانا۔ زخم کا اچھا ہونا
شمال ع وہ ہوا جو قطب کی طرف سے آئے
شمال ع دست چپ۔ عادت۔ جانب قطب
اصحاب الشمال ع کفار دوزخی۔ بائیں طرف والے گنہگار لوگ جن کی صفیں قیامت کے دن تخت رب العالمین کی بائیں طرف ہونگی
ذات الشمال ع صاحبان طرف چپ کافران۔ مشرکان۔
توشمال ت خان سالار۔ باورچی خانہ کا مختار
عمال ع جمع عامل، بہت سے کام کرنیوالا۔
اعمال ع کام فرمانا۔ منصف۔ عدالتی
اعمال ع جمع عمل، بہت سے کام و کاروبار
استعمال ع عمل کرنا۔ عمل میں لانا۔ کام میں لانا۔
کمال ع پورا۔ بے نقصان۔ بے عیب ایک شاعر کا تخلص۔
عین الکمال ع چشم زخم۔ بد نظر
اکمال ع کامل کرنا۔ تمام کرنا۔ پورا کرنا
کمال ف انباز۔ ہمتا۔ شریک۔ سہیم۔ ساتھی
اہمال ع چھوڑ دینا۔ فرصت دینا۔ توقف میں ڈالنا۔

یال	نال
ہتوال ع جولاہے کی لکڑی جس پر بنا ہوا کپڑا لپٹا جاتا ہے۔ دستور۔ طور۔ طریق۔	**نال** ف رشتہ جو قلم سے نکلتا ہے۔ نیشکر۔ رود خانہ۔ نے میانہ تہی۔
اہوال ع جمع ہول، دہشت۔ خوف ڈر۔	**منال** ع حاصل کرنے کا مقام۔ جائے امید و آرزو۔
ہال ف الاچی سفید۔ قرار۔ آرام۔ صبر۔ تحمل	**وال** ف قسم ماہی۔ پناہ لیجانا۔
ابتہال ع تضرع۔ زاری۔ عجز و نیاز۔ خوشامد	**کوتوال** ف صاحب قلعہ۔ حاکم شہر کا خبر گیر
امتہال ع امہال۔ فرصت دینا۔ مہلت دینا	**احوال** ع جمع حال، بہت سی حالتیں
استہال ع جاری ہونا شکم کا۔ آسان کرنا مشکل کام کا۔	**نوال** ع طعام خوردنی۔ دود۔ چراغ۔ چراغ کا پھول۔
امہال ع امہال فرصت دینا۔ مہلت دینا۔	**دوال** ف تسمہ چرم۔ نقارہ بجانے کی لکڑی۔ تلوار۔
نہال ف پودہ۔ درخت موزوں۔ بستر۔ توشک فرش۔ چارپائی۔	**زوال** ع ایک حال سے دوسرے حال میں ہونا۔ پست ہونا۔ کم ہونا۔
نونہال ف نیا پودہ درخت کا۔ نوجوان لڑکا	**سوال** ع مانگنا۔ پوچھنا۔ طلب کرنا۔
کیال ع گردن۔ گھوڑے کی گردن۔ گردن کے بال۔	**شوال** ع نام ماہ عید۔ خوشی کا مہینہ۔ سپر۔ رونشکار کا پیشہ۔
اختیال ع گردنکشی۔ مغرور۔ خیال کرنا متوجہ کرنا۔	**قوال** ع سرزبان۔ سخن گو۔ سرود گو گانے والا۔
حیال ع حیلہ گر آدمی۔ مکار۔ فریبی۔ بدعہد آدمی۔	**گوال** ف جوال۔ غلہ لادنے کی گون
خیال ع گمان۔ صورت جو خواب میں نظر آئے۔ بیداری۔ ایک قوت جسمی کا نام	**نوال** ع عطا۔ بخشش۔ سخاوت۔ مہربانی۔

یال

وَرَقُ الخَیَال ع بھنگ۔ ایک نشہ دار سبزہ

سَیَّال ع رقیق۔ جاری ہونیوالا۔ رواں ہونیوالا

عَیَال ع زن و فرزند۔ گھر کے لوگ

کَیَال ع پیمانہ غلہ وغیرہ چیز ماپنے کا اندازہ۔

کَیَّال ع ناپنے والا۔ پیمایش کرانیوالا

بَل ع بلکہ۔

اِبِل ع (جمع بے واحد) شتران۔ اونٹنیں

بَابِل ع ایک شہر کوفہ کے پاس

زَابُل ف نام شہر ولایت سیستان میں زابلستان۔

قَابِل ع پیش آنے والا۔ قبول کرنیوالا۔ سائل آئندہ۔ سزاوار۔ لایق۔ پسندیدہ

نَاقَابِل ع نالایق۔ نکما آدمی

تَقَابُل ع مقابل ہونا۔ برابر ہونا روبرو ہونا

مُقَابِل ع روبرو۔ سامنے۔ آگے۔

نُقطۂ مُقَابِل ف ہمسر۔ ہمرتبہ۔ برابر

کَابُل ف افغانستان میں ایک مشہور شہر

بَلَابِل ع جمع بلبل بلبلہ (بہت سی بلبلیں) بہت سے کوزے

قبل

وَابِل ع وہ مینہ جس کے قطرے بڑے ہوں۔ ایک قبیلہ عرب کا۔

تَوَابِل ع مصالحہ طعام۔ زیرہ لونگ مرچ وغیرہ

جَبَل ع کوہ۔ پہاڑ۔

حَبل ع رسن۔ رگ جسم کا ریشہ۔

زِبل ع سرگین اسپ و شتر و خر وغیرہ۔ لید

سَبَل ع بیماری آشوب سرخی چشم۔ بال جو آنکھ میں نکلے اور اسکے سبب سے پلکیں ورم کریں

سُبُل ع (جمع سبیل) راہیں۔ راستے۔

شِبل ع بچہ شیر درندہ شیر

طَبل ع بڑا نقارہ۔ نقارہ

اِسطَبل۔ اِصطَبل ع گھوڑے باندھنے کی جگہ۔ گھوڑوں کو باندھنا۔

قُبل ع عورت کی شرمگاہ (ضد دبر) چومنا بوسہ لینا۔

قِبَل ع طرف۔ جہت۔ جانب۔ طریق طرز۔ روش۔

قَبل ع پیش۔ آگے (ضد بعد)

قَبَل ع زمین کی بلندی۔ اونچائی کہ [illegible]

تَقَبُّل ع قبول کرنا۔ مان لینا۔

مُستَقبَل ع پیش آنے والا زمانہ آئندہ۔

قبل

مستقبل ع تصویر دو چشمی جس تصویر کی دو آنکھیں نظر آویں ۔
مقبل ع قبول کرنے والا صاحب اقبال
مقبل ع بوسیدہ بیہودہ ہوا گھسا ہوا پرانا ہوا ہوا ۔
بلبل ع ایک مشہور پرندہ جو گل پر عاشق ہے
ششبلبل ف قسم پارچہ ۔ بلبل چشم
غلغلبلبل ف نعرہ بلبل ۔ بلبل کی آواز
قسبل ع ریزندہ ۔ صحت یافتہ شکستہ انسکبا ۔
نبل ع تیر اندازی ۔ تیر ڈلکو کا [illegible] اگاہی
تنبل ف مکر حیلہ ۔ دغا ۔ فریب
تنبل ف آدم فربہ ۔ جاہل ۔ کاہل بیکار نکما آدمی
دنبل ع پھوڑا جو بدن پر نکلے
سنبل ع بالچھڑ گیاہ خوشبو ۔ خوشہ جو گندم سنبلہ
مقبل ع کاہل سست ۔ بد اعتقاد ۔
محل زخم ۔ زخم پر لگانے کی دوا
ہبل ع نام بت جو کعبہ میں رکھا تھا ۔ اور آنحضرت نے اسکو توڑا

قتل

تتل ع کاہل گراں تن
ہبتل ع فرج عورت کا ۔ عورت کی شرمگاہ
ستل ف دریا کا پل ۔ ایک سکہ تانبے کا ضرب کیا
شتل ف زمین بلند رپشتہ جس پر پانی نہ جا سکے ۔
قتل قتل ع تودہ جو ہاتھی نے قد جتنا ہو
قاتل ع قتل کرنے والا ۔ مار ڈالنے والا
اقاتل ع ایک دوسرے کو قتل کرنا ۔ مار ڈالنا
مقاتل ع جنگ کرنیوالا ۔ جنگ کیا گیا
تبتل ع باخدا ہونا ۔ تارک الدنیا ہونا ۔ عابد و زاہد ہونا ۔
مختل ع خلل پایا ہوا ۔ رخنہ پایا ہوا
شتل ف بہ [illegible] جو قمار باز غالب اہل مجلس کو دیوے
عتل ع درشت آواز ستمگار ۔ سطبر
مفتل ع بٹے ہوئے [illegible] ۔ بٹا ہوا [illegible]
قتل ع مار ڈالنا ۔ خون کرنا ۔
مقتل ع جائے قتل ۔ جہاں کوئی شخص قتل ہو
شتل ع زمین بلند جنگل میں ۔ زمین کا پشتہ
کوتل ت اسپ سواری جسپر کوئی سوار نہو

اثل

أثل ع۔ درخت گز۔ جھاؤ

ماثل ع۔ نشان مکان جس کے آثار باقی ہوں۔

جوز ماثل ع۔ دھتورہ کا پھل

اماثل ع۔ جمع امثل ۔ بہت مشابہ و نظیر

متماثل ع۔ مشابہ۔ مانند۔ مثل۔ تشبیہہ ہم صورت۔

مماثل ع۔ مانند ہونے والا کسی کی صورت بننے والا۔

مثل ع۔ مانند۔ لفظ تشبیہہ۔

مَثَل ع۔ وصف حال۔ داستان قصہ حکایت۔

ضرب المثل ع۔ مثال تمثیل جو کسی بات میں کہی جائے

فقید المثل ع۔ بے مثل۔ لاثانی جس کے ساتھ کا دوسرا نہ ہو۔

فی المثل ع۔ مثلاً چنانچہ جسکی مثال یہ ہے

تمثیل ع۔ روبرو ہونا۔ مثال دینا۔ تشبیہہ دینا۔

متمثل ع۔ روبرو ہوا ہوا۔ مثال دیا ہوا تشبیہہ دیا ہوا۔

عجل

عجل ع۔ نام طائر خوش آواز

عجل ف۔ گدھے کی جھل

جل ع۔ بزرگ۔ صاحب عزت و حرمت

عزّ و جلّ ع۔ غالب ہوا اور بزرگ ہوا۔ صاحب مرتبہ۔ عزت دار۔

اَجَل ع۔ مہلت۔ مدت۔ مرگ۔ وقت۔ نہایت ہر چیز

اَجَلّ ع۔ بہت بزرگ۔ بہت بڑا صاحب عزت و توقیر۔

اَعجل ع۔ برانگیختہ کرنا۔ متعجب کرنا۔ تیار کرنا

آجل ع۔ جو چیز مہلت اور دیر میں ہو جو جلدی میں میسر نہ ہو۔

راجل ع۔ پیادہ جو سوار نہ ہو۔

عاجل ع۔ تعجیل کرنے والا جلدی کرنے والا۔ تیزی و تندی کرنے والا۔

جلاجل ع۔ زنگولہ یا جو ایک بجانے کی چیز ہے۔

مرتجل ع۔ شعر بدیہہ کہا گیا۔ جو لفظ ایک معنی سے دوسرے معنی میں بہ مناسب کیا جائے

حجل ع۔ ایک چکور نما طائر مشہور۔

حجال ع۔ جمع حجلہ۔ حجلہ۔ ڈولیاں۔

جل

خَجِل ع شرمندہ۔ رسوا۔ شرمندگی کی حالت۔

خَجَل ف شرم۔ حیا۔

رِجْل ع پا۔ پاؤں

رَجُل ع پیادہ پا ہونا۔ آدمی۔ مرد

اَرْجَل ع وہ گھوڑا جس کا ایک پاؤں سفید ہو اور وہ منحوس گنا جاتا ہے

سَفَرْجَل ع بہی۔ ایک قسم کا میوہ

مِرْجَل ع دیگ جس میں کھانا پکاتے ہیں

سِجِلّ ع وہ دستاویز جس پر قاضی یا حاکم کی مہر یا دستخط ہو۔

مُسَجَّل ع سجل کیا ہوا۔ مہر کیا گیا۔ درست و آراستہ

عِجْل ع بچھڑا۔ گوسالہ۔ عرب کا ایک قبیلہ

عَجِّل ع امر حاضر جلدی کر۔ دیر مت کر

مُسْتَعْجِل ع دوڑنے والا۔ جلدی کرنیوالا

مُتَعَجِّل ع پیشی گیرندہ۔ شتابی کرنیوالا

فُجْل ع ترب۔ مولی۔ ایک قسم کی ترکاری

فَجَل سست ہونا۔ موٹا ہونا۔ فربہ اندام

فُجَّل ع بد سرشت۔ نامرد۔ خراب۔ کم ہمت۔ کم حوصلہ۔

جل

جُلْجُل ع زنگولہ۔ جھانجھ۔ ایک باجا گھنٹا سا

نَجْل ع نسل۔ اولاد۔ فرزند۔ ڈالنا

اَنْجَل ع فراخ چشم۔ جسکی آنکھیں بڑی ہوں۔

سَجَنْجَل ع آئینہ (رومی زبان کا لفظ ہے)

مِنْجَل ع داس۔ داتنی۔ زراعت کاٹنے کا آلہ۔

وَجِل ع جو شخص وہم سے ڈرتا ہو۔ جسکو وہمی خوف ہو

وَجَل ع ترسیدن۔ اپنے خیال سے ڈرنا

مُؤَجَّل ع فرصت دیا گیا۔ مہلت دیا گیا۔ دیر میں ڈالا گیا۔

ہَجْل ع زمین پست۔ میان دو کوہ۔ دو پہاڑوں میں نشیب۔

ہَجَل ف جاؤ۔ چلو۔

چُجَل ف آلۂ تناسل انسان کا

مورچَل ف مورچال مثل جو قلعہ کے گرد کھودتے ہیں اسکی اوٹ میں قلعہ والوں کے ساتھ لڑتے ہیں

کجچَل ف بد رفتار۔ خراب چال چلنے والا

حِلّ ع روا ہونا۔ احرام سے نکلنا۔ فارغ ہونا۔

حل

حلؔ ۔ کھولنا۔ اُترنا۔ حلال ہونا۔ وا ہونا۔ تِلوں کا تیل۔

حَلّ ۔ مشکل بات کا کھولنا۔

لاحَل ۔ مشکل بات جو حل نہ ہوسکے

راحِل ۔ کوچ کرنے والا۔ ایک مقام سے دوسرے کو جانے والا۔

مَراحِل ۔ (جمع مرحلہ) منزلیں۔

زاحِل ۔ ماندہ ہونیوالا خراب ہونیوالا

ساحِل ۔ کنارہ دریا کا۔

حَلاحِل ۔ سردار قوم۔ افسر۔ سرگروہ گاؤں کا مقدم۔

رَواحِل ۔ (جمع راحلہ) سواریاں گھوڑے اونٹ وغیرہ کی۔

سَواحِل ۔ (جمع ساحل) کنارہ یا دریا یا ندی کے کنارے۔

رَحل ۔ مسکن۔ منزل۔ رخت۔ اسباب۔ پالان شتر۔ کوچ کرنا۔ تختہ جسپر قرآن رکھتے ہیں

زُحَل ف نام ستارہ جو ساتوین آسمان پر ہے اور نحس ہے۔

مِسحَل ۔ گورخر۔ ایک مشہور جانور۔

وحل

ضَحل ۔ آب اندک۔ تھوڑا پانی جو کسی نشیب میں کھڑا ہو۔

کُحُل ۔ سرمہ۔ مشہور چیز آنکھوں میں سرمہ ڈالنے کی۔

اَکحَل ۔ پلکوں کے اوگنے کا مقام۔ سرمہ آنکھ میں کیا ہوا۔

مَکحُول ۔ سرمہ ناک۔ وہ آنکھیں جن میں سرمہ کیا ہوا ہو۔

مُکحُل ۔ سرمہ دان جس میں سرمہ رکھتے ہیں۔

مَحل ۔ شاہی مکانات۔ وقت

تَمحّل ۔ مکر حیلہ کرنا۔ دغا۔ فریب میں لانا۔

مُضمحِل ۔ سست۔ محو۔ ناچیز۔ سست ہونے والا۔

نَحل ۔ شہد کی مکھی۔

نِحَل ۔ (جمع نحلہ) مذہب باطلہ۔ جھوٹے مذہب

مُنحَل ۔ کھلنے والا۔ ظاہر ہونیوالا

لاینحَل ۔ وہ چیز کھلنے کے لایق نہ ہو۔ جو حل نہ ہوسکے

وَحل ۔ کیچڑ۔ گل۔

خل

خِلّ ع یار۔ دوست۔ رفیق ہمنشیں ہم صحبت۔

خَلّ ع سرکہ۔ ایک مشہور ترش چیز

دَاخِل ع شاہی محل کا برآمدہ۔ نشان جو مرغوب کے دفع کیلئے زراعت پر نصب کریں

دَاخِل ع دخل کرنے والا۔ جس نے دخل کیا ہو۔

تَدَاخُل ع دو چیزوں کو ملانا۔ پیوند کرنا۔ جوڑنا۔

مَدَاخِل ع (جمع مدخل) مقاماتِ دخل۔ آمدنی زر۔ پیوند کرنا۔ سینا۔ مکھڑ لگانا۔ عنایت وادِ جو عوتیں ہاتھ پیر میں لگاتی ہیں

نَارْجِیل ع درخت رقوم۔ تھوہر

مَاشْ ع قسم غلہ جسکو ارہر کہتے ہیں۔ اکثر اسکی دال بناتے ہیں

بُخْل ع بخیلی۔ کنجوسی۔

دَخْل ع آنا۔ آمدنی۔ روپیہ پیسہ کی کسی کام میں اعتراض کرنا۔

مَدْخَل ع داخل کرنے کا مقام۔ داخل کیا گیا۔

مُدْخَل ع دخل کرنا۔ داخل ہونا۔ مقام دخل کا

بَدْخِل بخیل۔ ممسک آدمی جو کچھ خرچ نہ کرے۔

تَنْخُل ع (نخول) تخیل۔ صفیر۔ بانگ۔ فریاد ناخن سے اکھاڑنا۔ چونچ سے کاٹنا۔

تَخَلْخُل ع جدا ہونا اجزا کسی چیز کا ایک دوسرے سے

مُتَخَلْخِل ع پولا۔ اندر سے خالی

مُخَلِّل ع خلل ڈالنے والا۔ رخنہ ڈالنے کا

نَخْل ع درخت خرما۔ چھلنی سے آٹا چھاننا

امیرالنحل ع لقب علی المرتضیٰ

مُنْخُل ع پرویزن۔ غربال۔ چھلنی

دِل ف قلب۔ روح۔ جان۔ ارادہ۔ قصد

بُزدِل / کم دل ف ترسناک۔ ڈرپوک آدمی۔ ڈرنیوالا

تنگدل ف پریشان حال۔ بخیل۔

خُردِل ف نامرد۔ ڈرنیوالا۔ بزدل آدمی

دستِ دل ف قوت۔ ہمت۔ جسمی طاقت۔

سادہ دل ف سرد نادان۔ احمق۔ کم عقل

شیشہ دل ف نامرد۔ بددل۔ ڈرپوک۔ کم حوصلہ

شیر دل ف پہلوان۔ جوانمرد۔ جنگ اور

ودل

باقل و دل ع تھوڑی جو دلالت بہت پر کرے ۔ تھوڑی سی عبارت جس سے بہت معانی حاصل ہوں

دل یا دل ف بڑا خیمہ۔

تبادل ع بدل لینا عوض معاوضہ کرنا

جادل ع لڑنے والا جنگ کرنیوالا

مجادل ع لڑنیوالا جنگ جدل کرنیوالا

عادل ع برابر تولنے والا انصاف کرنے والا منصف

معادل ع برابر مساوی

عنادل ع جمع عندلیب، بلبلیں

بدل ف عوض کشتی میں جو داؤ دوسرے کے جواب میں کیا جائے

نعم البدل ع بہتر بدلہ اچھا عوض جو مل جائے۔

تبدل ع عوض کرنا۔ بدلنا۔

مستبدل ع بدلنے والا۔ بدلانے والا عوض میں لینے والا۔

مستبدَل ع بدلا گیا۔ عوض لیا گیا۔

متبدَل ع تبدیل کیا گیا۔ بدلا گیا۔

مستبدل ع بدلا گیا۔ عوض میں لایا گیا

مستدل ع دلیل لانیوالا حجت مانگنے والا

ندل

معتدل ع برابر تاثیر میں۔

اشدل ع جمع خ۔ ایک قسم کا جانور۔

جندل ع جنگ پیکار لڑائی فساد

خردل ع رائی۔ ایک مشہور غلہ جو اچار میں ڈالتے ہیں۔

غردل ف بد دل۔ کم حوصلہ ضد شجاع

عِدل ع اک طرفہ بار جو گھوڑے کی پیٹھ پر لادیں

عَدل ع مانند نظیر برابر کرنا انصاف کرنا داد گری

ترازوئے عدل ع بادشاہ منصف عادل

اعدل ع نہایت عدل کرنے والا زیادہ عدل کرنے والا۔

دلدل ع نام مادہ استر سفید مائل بسیاہی جسکو حاکم اسکندریہ نے حضرت محمد رسول اللہ کی نذر کیا اور حضرت نے علی المرتضی کو بخشدیا

جندل ع سنگ بزرگ مہتر قوم

صندل ع خوشبودار لکڑی۔

مندل ف دائرہ افسون گران جادوگروں کا دائرہ۔

خط مندل ف خط عزیمت خوانان جو لوگ منتر جھاڑا کرتے ہیں۔

ذل

ذَلّ ع خواری۔ ابتری۔ خرابی
ذِلّ ع نرمی۔ فرمانبرداری۔ اطاعت
بَاذِلُ ع بذل یا خرچ کرنیوالا یعنی صاحب خرچ۔ صاحب بذل
عَاذِلُ ع ملامت کرنیوالا کسی بدکام پر
بَذْلُ ع بخشش۔ گھوڑے کی دوڑ تیز رفتاری۔
بَازِلُ ع اونٹ نو برس کا
وَرَلُ ع ایک جانور جو مثل سوسمار کے ہوتا ہے
آزَلُ ع وہ زمانہ جس کا ابتدا نہ ہو۔ زمانۂ قدیم
زَلَازِلُ ع جمع زلزلہ۔ بہت سے زلزلے
نَازِلُ ع اترنے والا۔ نزول کرنے والا۔
تَنَازُلُ ع باہم اترنا ایک مقام میں
مَنَازِلُ ع جمع منزل بہت سے مقام اُترنے کے۔
نَوَازِلُ ع جمع نازلہ مصیبتیں۔ سختیاں آفتیں
بَذَلُ ع سختی۔ شدت۔ آفت۔ رنج وبلا غم۔ اندیشہ
مُعْتَزِلُ ع گوشہ نشین خلوت میں بیٹھنے والا

نزل

تَعَزُّلُ ع بیکار رہنا۔ بیکار کرنا۔ معطل اور برطرف ہونا
اَعْزَلُ ع مرد بے سلاح جس کے پاس کوئی ہتھیار نہ ہو۔
تَغَزُّلُ ف کھیلنا معشوق کے ساتھ۔ حکایت کرنا کسی جوان سے حدیث صحبت و عشق زنان۔
تَغَزُّلُ ف رشتہ۔ ریسمان۔ رسن۔ باٹنا رشتہ وغیرہ کا
مِغْزَلُ ع دوک جس سے سوت کاتتے ہیں۔
قِزِلُ ت رنگ سرخ۔
قَزَلُ ع لنگی رشت۔
قَزَلَ ع لنگ
تَزَلْزُلُ ع لرزیدن۔ کانپنا۔ لرزہ کھانا
مُتَزَلْزِلُ ع کانپنے والا۔ ہلنے والا۔ بے قرار۔ بے چین۔
نُزُلُ ع ضیافت۔ سامان مہمانداری
تَنَزُّلُ ع اترنا۔ کم ہونا۔ تھوڑا ہونا
مُنْزَلُ ع اتارا گیا
مَنْزِلُ ع اترنے کی جگہ۔ جائے نزول خانہ۔ گھر۔

نزل

چارمنزل ف شریعت۔ طریقت۔ معرفت۔ حقیقت

وحیٔ منزل ع قرآن شریف۔ کلام مجید

ہزل ع سخن بیہودہ۔ مسخری۔ تقریر بیفائدہ

نسل ع نکالنا تلوار یا چھری کا۔ فصد کرنا خون نکالنا۔

سل ع باہر نکالا گیا۔ نطفہ۔ نام مرض مہلک ف کشتی۔ نے جسکو ٹلہ کہتے ہیں۔ ایک ہتھیار جسکو سیل کہتے ہیں۔

سل ت جیب۔ بایاں طرف۔

باسل ع دلیر۔ بہادر۔ پہلوان۔ جوانمرد آدمی

مراسل ع وہ عورت جسکی خط و کتابت مردوں سے ہو۔

تکاسل ع اپنے آپ کو سست کرنا کاہل بنانا۔

سلاسل ع (جمع سلسلہ) زنجیرہائے آہن۔ لوہے کی زنجیریں۔

تناسل ع بچہ جننا۔ اولاد پیدا کرنا نسل بڑھانا

عضو تناسل ع بچہ جننے کا آلہ۔ مرد یا عورت کا عضو مخصوص۔

سل

رسل ع (جمع رسول) بہت سے پیغمبر ایلچی۔ قاصد۔

مترسل ع خط بھیجنے والا۔ بھیجنے والا ایلچی۔

مرسل ع بھیجا گیا۔ رسول۔ پیغمبر

عسل ع شہد۔ انگبین۔

غسل ع نہانا۔ تمام بدن کو دھونا

غسل ع دھونا کسی چیز کو پانی سے

غسل ع وہ پانی جس سے کسی چیز کو دھویا جائے

مغسل ع غسل دیا گیا۔ نہلایا گیا۔ دھویا گیا

کسل ع کاہلی۔ سستی۔ سست اندامی

تکاسل ع سست ہونا۔ سستی کرنا کسی کام میں

گسل ف گسیختن۔ توڑنا۔ گسیختن سے امر

تسلسل ع زنجیردار ہونا۔ لگاتار۔ رواں ہونا پیچدار ہونا۔

مسلسل ع زنجیر باندھا گیا۔ زنجیردار پیچ در پیچ۔

نسل ع اولاد۔ شاخ درخت۔ بڑھنے والی شاخ۔

تنسل ع اولاد جاری کرنا۔ نسل بڑھانا

وسل	حصل
تَوَسُّل ع وسیلہ پکڑنا۔ ذریعہ ڈہونڈنا۔	تَفَاصُل ع جدا کرنا۔ فرق کرنا۔ الگ کرنا۔ علیحدہ کرنا
مُتَوَسِّل ع وسیلہ ڈہونڈہنے والا۔ ذریعہ ڈہونڈہنے والا۔	مَفَاصِل ع بدن کے جوڑ۔ ہاتھ پاؤں وغیرہ۔
وَسِل ہویسال ستا سپرہ فوج	وَجَعِ مَفَاصِل ع بدن کے جوڑوں میں درد۔ ایک قسم کا مرض
شَل ع ایک میوہ کا نام	صَلَاصِل ع جمع صلصل، فاختہ یا بہت سی قمریاں۔
شِل ع نیزہ کو ہک چھوٹی برچھی	وَاصِل ع ملنے والا۔ وصل کرنے والا پیوند جوڑنے والا۔
شَل ع جس شخص کے ہاتھ پاؤں حرکت نہ کر سکیں تو سست و نرم	حَوَاصِل ع بگلا۔ ایک مرغ آبی سفید رنگ کا۔
وَشَل ع آب اندک۔ تھوڑا پانی	فَوَاصِل ع جمع فاصلہ، کلمۂ ہائے آخر آیات قرآن بمنزلہ قوافی۔
صَلِّ ع صیغہ امر صلوات پڑہ۔ درود بہیج	بَصَل ع پیاز۔ ایک مشہور چیز
اَصل ع بیخ درخت۔ سرشت۔ بنیاد	مُتَّصِل ع ملا ہوا۔ قریب۔ پاس پاس
علت اصل عقل اول۔ نور محمدی	حَصَل ع حاصل ہوا۔
مُسْتَاصَل ع بیخ سے اوکھاڑا گیا۔ نابود کیا گیا۔	ماحَصَل ع جو چیز حاصل ہو۔ فائدہ۔ نفع۔ سود۔
حاصِل ع نتیجہ۔ مطلب۔ مراد۔ جو مراد مل چکے۔	مُحَصِّل ع تحصیل کرنے والا۔ حاکم کا پیادہ جو زر و پیہ وصول کرے
الحاصل ع آخر کلام۔ خلاصہ کلام۔ نتیجہ کلام۔ مطلب کے	
سیر حاصل ف اچھی زراعت و زمین جس سے غلہ حاصل ہو۔	
فاصِل ع حد کرنیوالا۔ فاصلہ کرنیوالا۔	

صل

مُحَصَّل ع حاصل کیا گیا۔ جمع و بچہ پھول کیا جائے یا حاصل ہووے

خَصْل ع شرط لگانا قمار۔ سپید اڑ لگانا

فَصْل ع موسم۔ ایک حصہ۔ ایک ٹکڑا۔ جدا کرنا۔ جدا ہونا۔ پردہ [illegible] بات کھولنا کاٹنا

مُفَصَّل ع تفصیل کیا ہوا۔ نام کتاب

مُنْفَصِل ع فیصل شدہ۔ [illegible] جدا۔ الگ۔

فُصاصَل ع ناخن۔ بقیہ آب حوض میں گھوڑے کی پیشانی کے بال۔ نام موضع۔ نام دریا

وَصْل ع پیوند۔ جوڑ۔ ملنا۔ ملاپ

تَوَصُّل ع ملانا۔ پیوند کرنا۔ ملاپ کرنا

مُتَوَصِّل ع ملاپ کرنیوالا۔ پیوند کرنیوالا

مُوَصِّل ع پہونچانے والا۔ وصل کرنیوالا

مُوَصَّل ع پیوند کیا گیا۔ جوڑ لگایا گیا

نَصْل ع پیکان تیر نیزہ۔ ایک شہر [illegible]

فَیْصَل ع حاکم حکم جو فیصلہ دے درمیان حق و باطل

فَسْل ع گمراہ۔ فاسق فاجر

فَاضِل ع صاحب فضیلت و علم

اَفَاضِل ع جمع افضل۔ بہت سے فاضل لوگ

فُضُول ع زیادہ [illegible]

ضل

فَوَاضِل ع جمع فضیلت فضل۔ بخششیں عطایات۔ علوم ہنر یا معرفت ہا

مُعْضِل ع دشوار کرنے والا مشکل کرنے والا۔

فَضْل ع زیادتی بخشش نماز۔ فاضل ہونا صاحب علم و ہنر ہونا

ابو الفضل ع اکبر بادشاہ کے منشی کا نام

اَفْضَل ع بڑا فاضل۔ افضل الدین خاقانی شاعر کا نام تھا۔

تَفَضُّل ع بندگی عزت فخر بڑائی۔

مُفَضَّل ع فضیلت دیا گیا۔ بڑھا ہوا۔ بزرگی دیا گیا۔

مُتَفَضِّل ع فضیلت دینے والا۔ بزرگ بنانیوالا

مُتَفَضِّل ع افزونی کرنیوالا۔ بڑھنے والا

مَفْصِل ع پیوندگاہ اندام جسم جوڑ لگنے کی جگہ

طَلّ ع شبنم۔ پانی کے چھوٹے قطرے

بَاطِل ع جھوٹا۔ دروغ

تَعَطُّل ع بیہودہ۔ خالی بے کار۔ معطل موقوف۔

ہَاطِل ع بادل بہت برسنے والا۔ جوش سے برسنے والا

طل

شیمِ ہاطل ع ابر برسنے والا۔
بَطَل ع دلیر شجاع۔ جوانمرد۔ بہادر آدمی
مُبْطِل ع باطل کرنیوالا۔ دور کرنیوالا۔
رُطْل ع پیمانہ نیم آثار۔ آدھ سیر کا پیمانہ
سَطْل ع ایک قسم کا طشت یا برتن
شَطْل ع معرب شتل، وہ حصہ جو قمار باز حاضرین کو دیتے ہیں۔
مُتَعَطِّل ع زن بے زیور۔ حروف مہملہ یعنی بے نقطہ۔ معشوق سادہ رو۔
تَعْطِیل ع بیکار رہنا۔ معطل رہنا
مُعَطَّل ع بیکار کیا گیا۔ توقف میں ڈالا گیا
ہَطْل ع برابر۔ آراستہ۔ برسنا مینہ کا قطرہ قطرہ ٹپکنا پانی کا۔
حِنْظَل ع گربہ کیواں۔ گھر کی بلائی
ظِلّ ع سایہ۔ خیال۔ نمونہ۔ سایہ اول روز
ظِلَال ع سایۂ آخر روز
مِظَلّ ع سایہ کرنے کا آلہ۔ سائبان
حَنْظَل ع ایک پھل جو خوشرنگ اور تلخ ہوتا ہے۔
تخم حنظل ع مغز حنظل رُتّا
جَاعِل ع ظاہر کرنیوالا۔ پیدا کرنیوالا

فعل

مَشَاعِل ع جمع مشعل، بہت سی مشعلیں
فَاعِل ع کام کرنے والا۔ کام کا آدمی
بَعْل ع نام بت جسکو الیاس نبی کی قوم پوجتی تھی۔ عورت کا شوہر یا صاحب۔
تَبَعُّل ع شوہر ہونا کسی عورت کا۔ خاوند بنانا۔
مُشْتَعِل ع شعلہ زن۔ روشن
جَعْل ع بنانا۔ پیدا کرنا۔ نقل کرنا اصل کے موافق۔
جُعَل ع ایک جانور سیاہ رنگ بشکل زنبور جو سرگین سے پیدا ہوتا ہے
مُشْعِل ع شعلہ پانے والا۔ روشن
فِعْل ع کام۔ کیا۔
مُنْفَعِل ع شرمندہ۔ اثر قبول کرنیوالا
قُفْل ع جانوران شکاری کو ایک ہی دفعہ چھوڑنا۔
لَعْل معرب لال، سرخ۔ نام جواہر سرخ رنگ۔
لَعَلَّ شاید قریب ہے، یہ بات ہونے کی ہے
نَعْل ع کفش۔ جوتا۔ نعل آہنی جو گھوڑوں کے پاؤں میں لگاتے ہیں

نعل

طابق النعل بالنعل ع قدم بقدم پر چلنا پیروی کرنا۔

منعّل ع نعل کی شکل۔ راہ نو۔ نیا چاند۔

غُل ع طوق آہنی۔ بند۔ تشنگی۔ پیاس

غِل ع کینہ۔ خیانت۔ کدورت جو دل میں ہو

شاغل ع شغل کرنے والا۔ مانع۔ باز رکھنے والا کسی کام سے۔

مشاغل ع (جمع شغل) بہت سے کام

شواغل ع (جمع شغل) بہت سے شغل بہت سے کام۔

بغل ف خچر۔ استر۔ ایک مشہور چارپایہ

بغل ف کچھ۔ بازو کے نیچے کا بدن کا حصہ ہے۔

ہم بغل ف ہمخوابہ۔ ہم آغوش۔ ہمبستر

مشتغل ع مشغول ہونے والا۔

چغل ف غماز۔ جو کسی کی پیٹھ پیچھے چغلی کرے۔

دغل ف مکر۔ حیلہ۔ مکار۔ حیلہ گر۔ دغاباز۔ ناسرہ

حریف دغل ف کشتی کا ایک داؤ۔ ہمنشین جو منافق ہو

افعل

شغل ع مصروف ہونا۔ متوجہ ہونا۔ کام

غلغل ف آواز۔ ہنگامہ

نغل ع جائے شب باشی چارپایاں جنگل میں سیراب ہونا۔ بدنسبت۔ کینہ ور غضبناک۔

نغل ع تباہ ہونا۔ خراب و برباد ہونا

آفل ع پیچھے جانیوالا۔ پیچھے اترنیوالا

حافل ع انبوہ۔ چھاتی دردہ بھری ہوئی

محافل ع (جمع محفل) بہت سی مجلسیں

سافل ع نیچے والا۔ زیریں۔ منزل نیچا مکان زیریں۔

نوع سافل ع زمین کی پیدائش یعنی انسان۔

اسافل ع (جمع اسفل) زیریں مقامہا بہت سے نیچلے درجے۔

غافل ع بیخبر۔ نادان۔ بیوقوف۔ جاہل

کافل ع ضامن۔ ذمہ دار۔ صاحب کفالت

قوافل ع (جمع قافلہ) بہت سے کارواں یا قافلے۔

نوافل ع (جمع نفل) عبادتیں۔

قرب نوافل ع وہ قرب جو بندگی سے حاصل ہو

ـفل

ثفل ۶ گوز بے آواز، پاخانہ پھرنا
محفل ۶ جمع ہونے کا مقام جس جگہ بہت لوگ جمع ہوں
اسفل ۶ زیریں مقام، بہت نیچے
طفل ۶ آدمی کا بچہ، لڑکا، خوردسال
قفل ۶ تالا، دروازے بند کرنیکا آلہ
تفل ۶ ستر میں چھوٹا
نفل ۶ بہرہ، حصہ، بخرہ، قسمت، نصیب
تکفل ۶ ضامن ہونا، کفیل ہونا، ذمہ دار بنو
متکفل ۶ ضامن، ذمہ دار کسی بات کا
فلفل ۶ معرب پپل، مرچ، ایک مشہور پھل مسالحہ کے واسطے
دار فلفل ۶ پیپل، ایک مشہور دوا
نفل ۶ جو عبادت بندہ پر واجب فرض نہ ہو بنظر حصول ثواب وہ عبادت کرتا ہو
قرنفل ۶ لونگ مشہور سیاہ رنگ پھل
فوفل ۶ معرب پوپل، سپاری جو پان کے ساتھ کھاتے ہیں
اطریفل ۶ معجون مرکب از ہلیلہ بلیلہ آملہ معرب تریپھلہ جو ہندی لفظ ہے
قُل ۶ بگو، کہو، [illegible]، غلام

ـقل

اقل ۶ بہت تھوڑا، غلام کم قیمت و ارزاں
باقل ۶ سبزی فروش، بقال، ایک شخص احمق کا نام تھا جسکے حمق کا آغاز ہو بوجہ [illegible]
مباقل ۶ وہ زمین جہاں ساگ بویا ہوا
تثاقل ۶ گرانبار ہونا، بوجھل ہونا، کاہل ہونا دوست کا
مصاقل ۶ جمع مصقلہ، صیقل کرنیکا آلہ
عاقل ۶ صاحب عقل و ہوش، ہوشیار آدمی
معاقل ۶ جمع معقل، جائے پناہ، سب بڑا مقامات مشکل
ناقل ۶ نقل کرنے والا
بقل ۶ ترہ، سبزی، ساگ
مستقل ۶ صاحب استقلال، محکم، مضبوط
منتقل ۶ نقل کرنے والا، ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا
ثقل ۶ گرانی بار، بوجھ گرانی
ثقل ۶ گران ہونا، بھاری ہونا، بوجھل ہونا
ثقل ۶ چیز نفیس بہ چیز نگاہ رکھنے لایق
دقل ۶ [illegible] نخل پر بار، درخت خرما ردی زبون
ہرقل ۶ نام بادشاہ نصاریٰ جو روم و شام میں بادشاہ تھا

رقل

دیر ہرقل ف ہرقل بادشاہ نصارا کا کلیسا

عقل ع خرد۔ دانش۔ ایک قوت قوت انسانی سے۔

بے عقل ف جاہل۔ نادان۔ بے خرد بے وقوف۔

سر حلقۂ عقل ف عقل اول۔ نور محمدی

تعقل ع فکر کرنا۔ اندیشہ کرنا کسی کلام میں۔

معقل ع وہ اونٹ جس کے بازو بندھے ہوئے ہوں

لایعقل ع بے عقل۔ بے وقوف۔ نادان احمق آدمی۔

قلقل ع آواز شراب نکلنے کی صراحی سے

کلام مہمل۔ نام دوا حب کی صورت میں

تقلقل ع غم۔ اندوہ۔ بے قراری۔ پریشانی۔ ابتری۔

متقلقل ع شراب۔ بیقرار۔ مضطرب آدمی

مقل ع سخن چینی کرنا۔ برا بولنا۔ دکھنا پانی کا نکل جانا۔

مقل ع گوگل۔ ایک مشہور چیز جو آگ پر جلائی جاتی ہے۔

کل

مقل ع جمع مقال، گفتگوئیں۔ گرز جو ایک مشہور ہتھیار ہے

مقل ع کم کرنے والا۔ اندک۔ درویش فقیر۔ مفلس۔ نادار

جہد المقل ع سعی اندک۔ پوشش درویشی۔

نقل ع ایک مقام سے دوسرے مقام پر لے جانا۔ ایک کو دیکھکر دوسرا لکھنا۔

نقل ف وہ چیز جو شراب پیکر کھائیں۔

تنقل ع نقل کرنا۔ کھانا طعام کا

منقل ع انگیٹھی جس میں آگ جلاتے ہیں

اصحاب منقل ع یاران ہم صحبت انیس جلیس ہمنشیں۔

توقل ع کوشش۔ سرگرمی۔ مشق کامل دور جانا۔

صیقل ع زنگ نکالنا۔ اسباب صیقل کرنا چمکانے والا۔ چمکانا۔

مصیقل ع روشن کیا گیا۔ روشن کرنیوالا

کل ف گنجا۔ جسکے سر کے بال اترگئے ہوں

کل ع گنگا۔ لال۔ جو شخص زبان سے بات نہ کرسکے

کل ع تمام۔ کمال۔ پوری چیز ہے۔

کل

صلح کل ۔ خیرخواہ کل ۔ مرد بے تعصب جو کسی سے دشمنی نہ رکھے۔

عقل کل ۔ اول پیدائش ۔ نور محمدی عرش

نفس کل ۔ ذات بحت ۔ نور محمدی

اُکل ۔ میوہ ۔ پھل

اَکل ۔ کھانا ۔ طعام جو کچھ کھایا جائے

تشاکل ۔ باہم ایک شکل ہونا

مشاکل ۔ ہم شکل ہونے والا شخص

کاکل ۔ موئے میان سر معشوق کی زلفیں

تاکل ۔ کھانا ۔ تناول کرنا۔

ہیاکل ۔ جمع ہیکل شکلیں صورتیں

فشکل ت تمام قطار سے بارھواں گھوڑا

شکل ۔ صورت ۔ شباہت انسان کی

اشکل ۔ اونٹ کے پالان باندھنے کا رسن سرخ چشم ۔ سرخی و سفیدی آمیختہ خوشتر پوشیدہ تر شکل تر۔

بشکل ف برشکال ۔ پشکال ۔ موسم برسات بارش کے دن

پشکل ف سرگین شتر و گوسفند وغیرہ جو گولی کے موافق خشک ہو

تشکل ۔ شکل کی صورت پکڑنا۔

متشکل ۔ شکل اختیار کرنے والا صورت پکڑنے والا۔

مشکل ۔ کٹھن ۔ دشواریات

کلکل ف شور و غوغا ۔ فتنہ و فساد ۔ جوش و خروش

کبل ۔ زنجیر ۔ بند آہنی قیدیوں کو پہنانے کے واسطے

وکل ۔ وہ شخص جو اپنا کام دوسرے پر چھوڑ دے۔

توکل ۔ سونپنا ۔ بھروسا کرنا خدا پہ دنیا کو چھوڑ دینا

متوکل ۔ بھروسا رکھنے والا ۔ توکل کرنے والا۔

موکل ۔ کام سپرد کرنے والا ۔ وکیل بنانے والا۔

ہیکل ۔ جثہ بزرگ ۔ اسپ دراز جسم کو کہتے ہیں بلند بتخانہ ۔ صورت شکل حمایل تعویذ

گل ۔ پھول ۔ آگ کا داغ۔

گِل ف مٹی پانی کے ساتھ ملی ہوئی۔ خاک نم ۔ کیچڑ۔

آب و گل ف جسم انسانی ۔ قالب حیوانی بدن

گل

دَورِ گُل ف نام سرود جو فارس میں گایا جاتا ہے
پائے دَرگِل ف گرفتار۔ حیران۔ پریشان
سَرمائے گُل ف سرمائے خفیف۔ آغاز بہار۔ تھوڑی سردی۔
شاخِ گُل ف کنایۃً معشوق و محبوب
گُنبدِ گُل ف غنچہ۔ کلی
چِگِل ف ترکستان میں ایک شہر
نِغَرگُل ف پیراہن سردی کا
وِنگل ف میدان لڑائی کا
تَندگُل ف شوخ۔ عیار۔ رہزن ڈاکہ مارنے والا۔
کُگُل ف سحر۔ ہزل۔ ظرافت۔ ہنسی۔ مسخری۔
بَلَل ع نم۔ تری آب۔ پانی کا نم۔
حُلَل ع (جمع حلہ) پہننے کے کپڑے
خَلَل ع کشادگی۔ رخنہ۔ تباہی کا۔ خرابی جو کسی کام میں واقع ہوجائے
تَخَلُّل ع خلل۔ رخنہ۔ خرابی۔ تباہی بیم۔ پریشانی
مُتَخَلِّل ع خلل انداز۔ جو شخص کسی بات میں خلل ڈالے۔

کلل

دَلَل ع ناز و کرشمہ جو عاشق سے معشوق کرتے ہیں
مُدَلِّل ع دلیل سے ثابت کرنے والا۔ صاحب حجت۔
مُدَلَّل ع دلیل سے ثابت کیا گیا جو بات دلیل سے ثابت ہو۔
تَدَلُّل ع اپنے آپکو ذلیل رکھنا
زَلَل ع لغزش۔ نقصان۔ کمی ترازو میں لغزش کا مقام
تَزَلُّل ع لغزیدن۔ پھسلنا کسی مقام سے
طَلَل ع جسم۔ کالبد۔ تن۔ جثہ۔ نشانہائے خانہ ہائے ویران۔
عِلَل ع (جمع علت) بیماریاں۔ مرضہا۔
تَعَلُّل ع علت اٹھانا۔ بہانہ و توقف کرنا برشت اٹھانا
غَلَل ع تشنگی۔ سوزش
قُلَل ع (جمع قلہ) سرہائے کوہ۔ پہاڑ کی چوٹیاں۔
کَلَل ف کلغی۔ ع شگفتگی گلزار۔ سبزہ۔
کَلال ع گنگی۔ بستہ زبانی۔ بیزبانی

کلل

مُکَلَّل ع جمع کیا ہوا چمکتا ہوا۔ جڑاؤ روشن۔ تاج سر پہ رکھا ہوا

مِلَل ع جمع ملت۔ بہت سے دین و مذہب و طریق

تَمَلمُل ع بے قراری۔ بے آرامی۔ پریشان حالی۔

مُہمَل ع چھوڑا گیا۔ بیکار کیا گیا۔ مہلت دیا گیا۔

مُل ف شراب۔ خمر۔

اَمَل ع امید۔ آرزو۔ طمع

طولِ اَمَل ع حرص و ہوا امید کا زیادہ ہونا

آمل ع مازندران میں ایک شہر

تَاَمُّل ع اندیشہ کرنا۔ فکر کرنا۔ غور کرنا

مُتَاَمِّل ع غور کرنے والا۔ تامل کرنیوالا

حَامِل ع بوجھ اٹھانیوالا۔ بار اٹھانیوالا

خَامِل ع گمنام۔ مرد فرومایہ۔ کمینہ۔ پاجی

اَرَامِل ع زنان بیوہ و مردان بے زن عورت یا مرد جو مجرد ہو۔

کامِل ع صاحب کمالیت۔ پورا

عَامِل ع عمل کرنیوالا۔ کام کرنیوالا کام کا آدمی

حمل

مُعَامِل ع معاملہ کرنے والا۔ مشتاق آرزومند خرید و فروخت کرنے والا۔

اَنَامِل ع جمع انملہ، سرہائے انگشتاں

عَقدِ اَنَامِل ع انگلیوں پہ گننا کسی حساب کا۔

حَوَامِل ع جمع حاملہ، زنان حاملہ۔ پیٹ والی عورتیں

عَوَامِل ع جمع عامل، بہت سے کام کرنے والے۔

مُحتَمَل ع احتمال کیا گیا۔ گمان کیا گیا پتلا بنایا گیا۔

مُشتَمِل ع احاطہ کرنے والا۔ شامل ہونے والا۔ ہمراہ ہونے والا

جَمَل ع شتر نر۔ اونٹ

جُمَّل جُمَل ع حساب ابجد کے حروف کا

تَجَمُّل ع شان۔ شکوہ۔ جمال۔ آرائش زینت۔

مُجمَل ع جمع کیا گیا۔ طویل داستان کو مختصر کیا گیا۔

حَمل ع اٹھانا۔ بار شکم۔ وہ بار جو گردن پر اٹھایا جائے۔

حمل

حَمل ع بار جو پشت یا سر پر رکھیں گناہ

حَمَل ع نام برج اول آسمانی۔ گمان۔ خیال کرنا۔ ماہ بیساکھ

لسان الحمل ع نام تخم جس کو بارتنگ کہتے ہیں۔ گاؤزبان

تحمّل ع برداشت کرنا۔ اٹھانا

متحمّل ع باربردار۔ صاحب تحمل۔ نرم مزاج

مَحمِل ع اونٹ کا کجاوہ جس پر مسافر بیٹھتے ہیں۔

خَمل ع خالص جس میں دوسری چیز کی آمیزش ہو

مخمل ع ایک قسم کا مشہور ریشمی کپڑا

دُمل ع پھوڑا

مُدَمِّل ع جو چیز زخم کو پاک کرکے اچھا کرے

مُندَمِل ع زخم بھرا ہوا۔ زخم جو اچھا ہونے والا ہو۔

رَمَل ع ایک بحر نوزدہ بحور نظم سے تاتث یعنی۔ اونٹ دوڑانا۔

رَمل ع ریگ۔ نام علم فال کا تمام قرعہ۔

نمل

حَرمَل ف اسپند۔ مشہور تخم جو آگ میں جلایا جاتا ہے۔

سَرمَل ف نام سردار مغل جو بڑا امیر تھا

قَرمَل ت بچہ شتر بختی۔ بغدادی اونٹ کا بچہ

بِسمِل ع ذبح کرنا۔ ذبح کیا ہوا جانور

نیم بسمل ف نیم مردہ جو مرنے کے نزدیک ہو

شَمل ع پریشانی۔ پراگندہ اور جمع ہونا شامل ہونا۔ ساتھ ہونا۔

عَمل ع کام۔ کار۔ تعمیل کرنا

قَوعَمل ع شتر فربہ۔ موٹا اونٹ۔

تعمّل ع عمل میں لانا۔ کام میں لانا

مستعمل ع استعمال کیا گیا۔ کام میں لایا گیا

قُمّل ع چیچڑ۔ ملخ۔

اَکمل ع بہت کامل اور پورا شخص

تکمّل ع کامل کیا گیا۔ تمام کیا گیا۔ پورا کیا گیا۔

ولمل ع نخود یا گندم خام جو بریدہ ہیں اور بھون کر کھائیں

تململ ف سرزدہ گوئی۔ بیقراری۔

نَمل ع ملول کرنے والا۔ رنگا لینیوا

نمل ع مور۔ چیونٹی۔ نام ایک بیماری کا

وَل

مُؤَمَّل ع صاحب امل یا امیدوار امیدوا
آرزومند

مُہمَل ع متروک۔ بیکار۔ معطل۔ نکما
آدمی۔

نَل ف نام عاشق دمن جنکا قصہ مشہور ہے

اَوَل ع جمع اولی جو مؤنث اوّل کا ہے

اَوَّل ع پہلا۔ پہلے۔ یکم۔

تختۂ اوّل ف لوح محفوظ جس پر سب
بات لکھی ہے۔

جنبش اوّل ف حرکت قلم قضا و قدر یعنی
پہلی قلم کی حرکت

جمادی الاوّل ع پانچواں اسلامی مہینہ

پیک اوّل ف جبرئیل علیہ السلام اور مجازی

چپ اوّل ف وہ فوج جو حفاظت کے لئے
ہو ہراول فوج۔

ربیع الاوّل ع تیسرا قمری مہینہ

عقل اوّل ف وہ عقل جو سب سے
اول پیدا ہوا۔

معلم اوّل ع لقب حکیم ارسطو جو حکیم
الٰہی تھا

مقولات اوّل ع ذات جنت اور مجازی

بول

مُتَحاوِل ع پھرا کرنیوالا۔ پھیر کرنیوالا

تَداوُل ع نوبت بنوبت لینا دینا کسی چیز کا

مُتَداوَل ع نوبت بنوبت لیا گیا۔
دست بدست پھیرا گیا۔

جَداوِل ع جمع جدول۔ بہت خطوط

قَراوُل ت بندوق انداز۔ پیشرو لشکر۔ وہ
فوج جو واسطے تعین مکان جنگ کے مقرر ہو

ہَراوُل ت وہ فوج جو سب سے آگے ہو اور
دوسری فوج اسکے پیچھے چلے۔

مُتَزاوِل ع مشغول کنندہ۔ حاصل
کرنیوالا۔

تَطاوُل ع ظلم۔ دراز دستی۔ جور جفا
غارت کرنا۔

تَفاؤُل ع فال لینا۔ شگون پوچھنا

مُتَفاؤِل ع فال لینے والا۔ شگون لینے والا

تَقاوُل ع [illegible]
[illegible]

مُقاوَل ع [illegible] کیا گیا۔

تَناوُل ع لینا اور اٹھانا۔ ہاتھ لگانا
کھانا ہوا۔

بَول ہونا ف پیشاب۔ موت

بول

سلسلبول ع نام مرض جس بیمار کا بول بلا ارادہ نکلتا ہے

مجبول ع پیدا کیا گیا۔ ظاہر کیا گیا۔ نکالا گیا۔

ذبول ع لاغری۔ پژمردگی۔ پریشانی ابتری۔

ذبول ع لاغر۔ پژمردہ۔ برگشتہ حال۔ ابتر

قبول ع مان لینا۔ اقرار کرنا۔

قبول ع پیش آنا۔ مقبول۔ مانا گیا

مقبول ع قبول کیا گیا۔ مانا گیا۔

مکبول ع بند کیا گیا۔ قید کیا گیا۔ باندھا گیا

تنبول ف برگ پان۔ پان کے پتے

پتول ن تانبے کا پیسہ۔ پل جو پانی پر باندھا جاتا ہے

بتول ع قاطع علایق دنیا۔ تارک کنواری لڑکی خطاب بی بی فاطمہ دختر جناب پیغمبر

مفتول ع فتیلہ کیا گیا۔ تار بافتہ۔ تار پیچیدہ سوت کا تا ہوا

مقتول ع قتل کیا ہوا۔ مارا ہوا شخص

مخبول ع شتابندہ۔ حیران پریشان۔ دربدر۔ خراب

حول ع کج بین ہونا۔ بھینگا آدمی۔ بازگشت قوت۔ توانائی

خول

حؤول ع پھرنا ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔ بازگشت کرنا

تحول ع بازگشت کرنا۔ پھرنا۔ رجوع لانا۔ قوت توانائی۔ گرد پھرنا

لاحول ع نہیں قوت و بازگشت۔ مخفف لاحول ولا قوۃ الا باللہ

احول ع جو شخص ایک کو دو دیکھے۔ بھینگا آدمی۔

فحول ع (جمع فحل) بہت سے نر۔ بہت سے مرد۔

محوّل ع حوالہ کیا گیا۔ سپرد کیا گیا۔ تفویض کیا گیا۔

محوِّل ع حوالہ کرنے والا۔ سپرد کرنے والا۔

مکحول ع سرمہ کیا ہوا جس نے اپنی آنکھوں میں سرمہ لگایا ہو

نحول ع لاغر ہونا۔ گل جانا۔ گداختہ ہونا

منحول ع کسی اور کا شعر جو اپنا کہہ کر پڑھا ہو

خول ع دولت۔ لشکر وغیرہ اسباب و سامان امیری کا

خول ع چھلکا ہوا اوپر کی جلد کا ہو۔

داخول ع داخل۔ شاہی محل کا برآمدہ ہرنوں کے ہنکالنے کے واسطے نشان

دخول ع گھسنا۔ اندر جانا۔ داخل ہونا

غول

مَدْخُول ع داخل کیا گیا۔ اندر رلایا گیا۔
شَغُول شَغِیل۔ شَغَل ع صفیر۔ بانگ فریاد۔ ناخن سے اکھاڑنا۔
دُوَل (جمع دولت) بہت سی دولتیں
دُوْل ع ڈول آبکش۔ مسکا۔ ہیمیا۔ تیر کشتی۔ کیسہ۔
جَدَاوِل ع خطوط جو کتاب کے صفحے کے چار طرف کھینچے جاتے ہیں۔
عُدُول ع برگشتگی۔ روگردانی نافرمانی بغاوت۔
عُدُول ع گواہ معتبر۔ مقبول۔ راستگو عادل۔
مَبْذُول ع خرچ کیا گیا تصرف میں لایا گیا
مَخْذُول ع شرمندہ۔ بے بہرہ۔ بے نصیب۔ رسوا۔ خوار
مَخْذُول ع خوار کیا گیا۔ خرابی میں ڈالا گیا
نُزُول ع اترنا کسی جگہ مقام پر ٹھہرنا
سَئُول ع بہت سوال کرنیوالا سوالی
رَسُول ع بھیجا ہوا پیغمبر صاحب کتاب قاصد۔ پیک جو کسی کا پیغام لے جانے
مُرْسُول ع بھیجا گیا۔

ضول

مَغْسُول ع غسل دیا ہوا۔ دھویا ہوا۔ نہلانا
شَغُول ع اٹھا جانا۔ سیر و شکار کرنا کسی باغ یا جنگل میں۔
صُوُل ع حملہ کرنا۔ دھاوا کرنا دشمن پر
اُصُول ع (جمع اصل) بیخیں۔ بنیادیں
رَقْص اُصُول ف قسم رقص۔ رقص بارہ تال کا ناچ۔
حُصُول ع حاصل ہونا۔ ملجانا مطلب محصول کا
مَحْصُول ع حاصل کیا گیا۔ وصول کیا گیا جو کچھ وصول کیا جائے۔
فُصُول ع (جمع فصل) موسمیں۔ حصے ٹکڑے۔ پردے
مَفْصُول ع فصل کیا گیا۔ جدا کیا گیا الگ کیا گیا۔
نُصُول ع (جمع نصل) بہت سے تیر و نیزے
وُصُول ع ملنا۔ ہاتھ لگ جانا
مَوْصُول ع ملا ہوا پیوند کیا ہوا۔ جوڑا ہوا
فُضُول ع بڑھانا۔ زیادہ کرنا۔ بڑھ گیاں (جمع فضل)
فُضُول ع زیادہ گو۔ جو شخص غیر ضروری کام کرے

ضول

بوالفضول ع ست۔ فضول گو۔ احمق نادان آدمی۔

مفضول ع فضیلت دیا گیا بزرگی دیا گیا

طول ع دراز۔ لمبا۔

نطول ع دوا کا پانی کسی عضو پر ڈالنا دوا سے دہونا۔

نطول ع وہ پانی جو دوا سے نکالا جائے

عول ع [illegible]

عول ع اعتماد۔ تکیہ کرنا۔ بھروسا کرنا

مفعول ع فعل کیا گیا جسکے ساتھ فعل کریں

معول ع اعتماد کیا گیا [illegible]

معول ع جائے تکیہ۔ اعتماد [illegible] مقام

معول ع اعتماد کرنا۔ اعتماد کیا گیا۔

معول ع کانٹے آہنی۔ وہ آلہ جس سے [illegible] سے نکالیں۔

غول ع ایک قسم کی جنی [illegible] بیابان میں [illegible]

اسپغول [illegible]

مرغول [illegible]

مشغول ع کام میں لگا ہوا

مغول ت نام قوم مغل۔ شریر۔ جنگلی اور جنگلی لوگ۔

حامغول ت حرامزادہ شریر۔ خراب آدمی

نغول ع تباہگاہ مویشی جو ویرانہ میں ہوں

نغول ع عمیق۔ ژرف۔ دور۔ بعید۔

نغول ع نردبان۔ لکڑی کی پوڑی

اوغول ت لڑکا معشوق۔ محبوب۔ پیارا

تغول ع فال نیک لینا شگون نیک لینا

سفول ع پست ہونا۔ پستی۔ نیچے ہونا

نغول ع دور۔ بعید۔ غور۔ عمیق۔ فہمیدگی۔

قول ع گفتار۔ بات چیت۔ گفتگو زبانی تقریر۔

شاقول ع آلہ آہن و رشتہ جس سے معمار کام سیدھا کرتے ہیں

مصقول ع صیقل کیا گیا صاف کیا [illegible] روشن۔

معقول ع عقلمند۔ دانا۔ ہوشیار۔

عقول ع جمع عقل [illegible] فرشتگان مقرب

قول

معقول ع پسندیدہ جسکو عقل مان لے

نامعقول ع نامناسب۔ خراب

مقول ع جائے گفتگو۔ زبان جس سے گفتگو کریں۔

نقول ع جمع نقل نقلیں

منقول ع نقل کیا گیا جو ایک صورت سے اتارا گیا۔ نقل کیا گیا۔

کول ف تالاب۔ مغاک جس میں پانی بھرا ہو۔

نول ف پوستین۔ پوست میش۔ گودڑی سپید۔ جو گل نیلوفر

اکول ع بہت کھانے والا جس کا پیٹ نہ بھرے۔

ماکول ع کھانے کی چیز۔ کھائی ہوئی چیز۔

کچکول ف فقیروں کا کاسہ۔ گدائی کی زنبیل۔

کشکول ف فقیروں کا کاسہ۔

نکول ع سوگند کھانے سے باز رہنا۔ بیدلی۔ اعراض۔

گول ف احمق۔ مکر و فریب۔ دغا بازی

کول ت تالاب۔

لول

شنگول ف شوخ۔ خوبصورت۔ حسین معشوق۔ محبوب۔

لول ف بیحیائی۔ بیشرمی۔ بیحیا۔ بیشرم

حلول ع اختصاص ایک چیز کا دوسری کے ساتھ۔ نازل ہونا کسی چیز کا کسی میں

محلول ع حل کیا گیا۔ گمان کیا گیا

آتش محلول ف آب گرم۔ روغن گرم شراب۔ آبجوش۔

مدلول ع دلالت کیا گیا۔ اشارہ کیا گیا راہ دکھایا گیا

مسلول ع کھینچا گیا۔ باہر نکالا گیا۔ سیف کے ساتھ مستعمل ہوتا ہے

مشلول ع جس کے ہاتھ بیکار ہو گئے ہوں جو شخص شل ہو گیا ہے

معلول ع ضروری علتیں۔ جو شخص شل ہو گیا ہو۔

ثقول ع زود ہضم طعام جسکو بیمار ناتوان بھی ہضم کر سکے

غلول ع خیانت کرنا غنیمت میں۔ آب رواں درختوں میں۔

مغلول ع طوق گردن میں ڈالا گیا۔ قید کیا گیا۔ باندھا گیا۔

لول

ثُولُول ع گوشت پارہ سیاہ جو بدن پر ہوتا ہے۔

بُہلُول ع مرد خندہ رو۔ پیشوائے قوم ایک بزرگ ولی کا نام

ایلول ع رومی زبان میں مہینے کو ارکا نام

مَطُول ع مشوش۔ نادہندہ۔ حرامزادہ۔ درنگ۔ تاخیر

مأمُول ع امید کیا گیا۔ طمع کیا گیا۔ آرزو کیا گیا۔

تَمَوُّل ع مالدار ہونا۔ دولتمند و غنی ہونا

مَشمُول ع احاطہ کیا گیا۔ شامل ہوا ہوا۔ ہمراہ ہوا ہوا۔

مَحمُول ع وہ دوا جو پارچہ پر لگا کر دُبر یا قبل میں رکھیں۔

مَحمُول ع گمان کیا گیا۔ بار اُٹھایا گیا و حمل کیا گیا۔

خُمُول ع گمنامی۔ ازخود رفتگی۔ ناشناسی۔ ہونا دانی۔

شُمُول ع شامل ہونا۔ ہمراہ ہونا۔ اکٹھا ہونا ساتھ ہونا۔

مَعمُول ع عمل کیا گیا۔ عادت۔ روزمرہ

اہل

نَوَل ع عطا۔ بخشش۔ مہربانی۔ سخاوت۔

نُوُل ف منقار مرغان۔ کوزہ۔ کوزہ کی ٹونٹی

زاغُول ت سلاح تیر۔ ایک مشہور ہتھیار۔

ہَول ف ڈرانا۔ ڈرنا۔ گنبد جس سے کھیلتے ہیں۔

جَہُول ع نادان۔ احمق۔ بے علم۔ بیوقوف۔

مَجہُول ع نہ جانا گیا۔ بے عقل۔ بیوقوف

ذُہُول ع غفلت۔ تغافل۔ سہو و نسیان۔

کَہُول ع مرد دو مُو یعنی جس کے بال سیاہ و سفید ہوں

مَسئُول ع سوال کیا گیا۔ مانگا گیا۔ طلب کیا گیا

خُیُول ع (جمع خیل) سواران۔ اسپان سواری

سُیُول ع (جمع سیل) پانی کے بہاؤ۔

بَغَل ف آغوش۔ بغل۔

ہَل ع کلمہ استفہام آیا۔

ہِل ع الایچی خورد۔ ہلیدن سے امر [illegible] کھینچ کر وغیرہ

اَہل ع سزاوار۔ لائق۔ اُنس پکڑنا۔ کدخدا ہونا۔ گھر کے لوگ۔ صاحب۔ صاحبان

اہل

نااہل ف نالایق۔ بے مروت۔ نادان جو آدمی کے موافق نہو۔
تاہل ع نکاح کرنا۔ عیالدار ہونا۔
مستاہل ع سزاوار۔ لایق کیا گیا۔
متاہل ع عیالدار۔ وہ شخص جس کی شادی ہوچکی ہو۔
جاہل ع نادان بے علم۔ بیخبر۔
تجاہل ع جان بوجھ نادان بننا۔ احمق بننا۔
متجاہل ع جان بوجھکر بیخبر بننے والا
ذاہل ع غافل۔ کاہل سست آدمی
تساہل ع آسان کرنا مشکل بات کو۔
کاہل ع سست آدمی۔ میانہ دو کتف ستور۔
تکاہل ع اپنے آپکو سست بنانا۔
ملاہل ف قاتل۔ مارنیوالا۔
مناہل ع (جمع منہل) بہت سے چشمے
بہل ف ہلیدن اور ہشتن سے امر چھوڑ
ابہل ع تخم سرد کوہی۔ بادسیر
مستہل ع نیا چاند دیکھنے والا۔ ہلال کا دیکھنے والا
جہل ع نادانی۔ بیعلمی۔

جہل

ابوجہل۔ بوجہل ع لقب عم رسول اللہ کا جو کافر تھا۔
ابولہب۔ بولہب ع لقب عم رسول اللہ کا جو کافر تھا۔
چہل ف چالیس
دہل ف نقارہ۔ شتری
ترہل ع نرم گوشت ہونا۔
سہل ع آسان۔ زمین نرم وہموار میدان۔
اسہل ع بہت آسان۔ نہایت آسان
مسہل ع آسان کرنے والا۔ دست لانے والی دوا۔ جلاب
اشہل ع رنگ سیاہ زردی مائل انسان میش چشم۔
کہل ع مرد میانہ جو نہ پیر نہ جوان ہو مرد دو مویہ۔
مہلہل ع زہر دیا گیا۔ باریک کپڑا بنا ہوا
مہل ع آہستگی۔ توقف۔ مہلت۔ فرصت
مہل ع مس گداختہ۔ گلا یا ہوا تانبا
نہل ع گمذار۔ نہ چھوڑ (ہلیدن سے نہی)

نہل

مَنْہَل ع چشمہ جو چراگاہ میں ہو۔ آب رواں بہتا ہوا پانی۔

یَل ف پہلوان۔ شجاع۔ آزاد

ت راستہ۔ گزرگاہ

اِیل ع سریانی زبان میں خدا تعالیٰ کا نام۔ ترکی زبان میں سال کو کہتے ہیں۔

اِیل ت مرداں۔ قوم۔ گروہ

اِیل ع گوزن۔ بزکوہی۔ پہاڑی گائے یا بکری

حَبَائِل ع (جمع حُبلیٰ) زنان حاملہ۔ (جمع حبالہ) رسن ہا۔ دام ہا۔

قَبَائِل ع (جمع قبیلہ) جماعتیں۔ قومیں بہت سے گروہ۔ کنبہ کے لوگ۔

نَبَائِل ع (جمع نبیلہ) بزرگاں۔ نیکوکاراں

صَائِل ع باندھ۔ کھینچنے والا۔ [illegible] کرنے والا

خَامِل ع گمنام۔ حقیر۔ [illegible]

فَضَائِل ع (جمع فضیلہ) بیابانیں۔ خیال۔ آثار علامات۔

رَذَائِل ع (جمع رذیلہ) ناکسی ہا۔ فرومایگی ہا۔

زَائِل ع دور ہونے والا۔ گم ہونے والا معدوم ہونے والا۔

ایل

جَزَائِل ع چیز ہائے محکم۔ مضبوط۔ سخت چیزیں۔ (جمع جزیلہ)

سَائِل ع سوال کرنے والا۔ مانگنے والا جاری ہونے والا۔

رَسَائِل ع (جمع رسالہ) نامہ ہا۔ پیغامہا۔ ہم زباناں۔

مَسَائِل ع (جمع مسئلہ) بہت سے مسئلے۔

خَصَائِل ع (جمع خصال) بہت سی خصلتیں خوئیں

فَضَائِل ع (جمع فضیلت) افزونیہا۔ ہنرہا۔ علم ہا۔

طَائِل ع فائدہ۔ نفع۔ سود۔

لاطائِل ع بے فائدہ۔ بے سود جس میں نفع نہ ہو۔

عَائِل ع فقیر۔ درویش۔ مفلس۔ تنگدست

قَائِل ع قول یا اقرار کرنے والا۔ قیلولہ کرنے والا دوپہر کو سونے والا۔

جَلَائِل ع (جمع جلالہ) بزرگیاں۔ عظمتیں بڑائیاں

مَائِل ع میل کرنے والا۔ رغبت کرنیوالا توجہ کرنے والا۔

تیل	ایل
اِبْنُ السَّبِیل ع راستہ چلنے والا۔ مسافر۔ راہی	مُتَمَایِل ع خواہشمند۔ آرزومند
سَلْسَبِیل ع ایک چشمہ جو بہشت میں جاری رہتا ہے۔	حَمَایِل ع دوال تلوار کی جو چیز گردن میں لٹکاتیں۔
تُرَّہْبِیل ع ناحق۔ باطل۔ ناکارہ بات کذب۔ دروغ۔	شَمَایِل ع شکل۔ تازہ شاخ درخت۔ عادتیں خصلتیں۔ (جمع شمال)
قَبِیل ع بیشمر۔ گروہ مردم۔ ہمراہی لوگوں کی جماعتیں۔	سَایِل ع دریافت کرنیوالا جستجو کرنیوالا۔
اَقْبِیل ع (اماں اقبال) اقبال	وَایِل ع نام قوم عرب۔ نام موضع جو عرب میں ہے۔
تَقْبِیل ع بوسہ دینا۔ چومنا۔	سَحْبَان وَائِل ع سحبان بن وائل نام مرد فصیح و بلیغ عرب میں۔
نَبِیل ع بزرگ۔ دانا۔ نیک۔ فربہ	اَوَائِل ع (جمع اول) پہلے۔
زَنْبِیل ع گدائی کرنے کا تھیلا جس میں روٹی کے ٹکڑے جمع کرتے ہیں۔	غَوَائِل ع (جمع غایلہ) سختیاں۔ برائیاں
پِیل ف فیل۔ ہاتھی۔	بِیل ف آلہ آہنی مٹی کھودنے کے واسطے۔ پھاوڑا
آئینہ پِیل ف لوہے کا توا صیقل کیا ہوا جو ہاتھی کے مستک پر جنگ کے وقت زخم بچانے کے واسطے باندھتے ہیں	اَبَابِیل ع (جمع ابالہ) گروہ مرغاں قسم ابابیل۔
زَنْدَہ پِیل ف بڑا ہاتھی۔ لقب شیخ احمد جام کا	قَابِیل ع آدم کا بیٹا جس نے اپنے بھائی ہابیل کو قتل کیا۔
تَرْتِیل ع قرآن پڑھنا باداے مخارج و صحت الفاظ	ہَابِیل ع آدم کا بیٹا جس کو اسکے بھائی قابیل نے قتل کیا۔
عَقِیل ع تشنہ۔ خشک لب۔ جو پانی کی خواہش رکھے۔ پیاسا۔	زَنْجَبِیل ع سونٹھ۔ ایک مشہور چیز یا دوا
قَتِیل ع کشتہ۔ قتل کیا ہوا	سَلْسَبِیل ع راستہ۔ آب۔ شیرینی و تف

ثیل

تمثیل ع روبرو ہونا۔ مثال دینا۔ تشبیہ دینا۔

تماثیل ع (جمع تمثیل) صورتیں۔ مورتیں تصویریں۔ شکلیں۔

جیل ع گروہ آدمیوں کا۔ ہجوم لوگوں کا

تاجیل ع مہلت دینا۔ دیر و توقف میں ڈالنا۔

تبجیل ع عزت کرنا۔ تعظیم کرنا۔ مدارات سے پیش آنا۔

نارجیل ع ناریل۔ کھوپرا

سجیل ع کچا پتھر چونہ کا جسکو جلاکر عمارات میں لگاتے ہیں۔

عجیل ع جلدباز۔ تیز۔ تندخو آدمی

تعجیل ع جلدی کرنا کسی ضروری کام میں

انجیل ع کتاب جو عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی

حیل ع (جمع حیلہ) بہت سے حیلے و مکر

لطائف الحیل ع حیلہ ہائے خوب خوبی ہا۔

مستحیل ع محال۔ ناممکن۔ حیلہ گر۔ مکار۔

رحیل ع کوچ کرنا۔ چل دینا۔

خیل

سحیل ع رشتہ۔ سوت کا تاگا

کحیل ع جسکی آنکھوں میں سرمہ کیا ہو

محیل ع حیلہ گر۔ مکار۔ فریبی آدمی

خیل ع گروہ۔ مردم۔ گلہ اسپاں و گاواں بسیار۔ گلہ۔ اسپ۔

خاص خیل ع خاص جماعت تعلقداراں

سرخیل ف سردار۔ افسر۔ سرگروہ۔ سپہ سالار۔

بخیل ع کنجوس۔ جو بخل کرے۔

تخیل ع خیال میں لانا۔ متوجہ ہونا۔ دریافت کرنا۔

متخیل ع خیال کیا گیا۔

دخیل ع جو شخص کسی کے کام میں دخل رکھتا ہو

تنخیل ع منخول۔ منخل۔ صفیر۔ بانگ ناخن سے اکھاڑنا۔

مخیل ع خیال کیا گیا۔ دھیان کیا گیا

نخیل ع درخت خرما۔ درختہائے خرما (اسم جمع)

قنادیل ع (جمع قندیل) چراغ جلانیکے ظروف

بدیل ع بدلہ کسی چیز کا۔ نام حکیم خاقانی کا

تبدیل ع بدل لینا۔ عوض معاوضہ کرنا۔

عدیل ع برابر در قدر و مرتبہ۔ ہم وزن۔ ہمتا

ذیل

تعدیل ع برابر کرنا۔ راست و درست کرنا ہم وزن کرنا

قندیل ع معرب کندیل اچراغ جلانے کا ظرف۔ پتیر رکھنے کا ظرف۔

ذیل ع دامن

منڈیل ف دستار

مخاذیل ع جمع مخذول، خوار کیئے گئے

مناڈیل ع (جمع منڈیل) دستار

رذیل ع ناکس۔ فرومایہ۔ خراب۔ پاجی پریشان۔

عزازیل ع نام اصلی شیطان کا جب مردود ہوا تب ابلیس نام رکھا گیا۔

جزیل ع بزرگ۔ مستحکم۔ مضبوط۔ سخت۔

تعزیل ع برطرف کرنا۔ جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا

مزیل ع دور کرنے والا۔ زائل کرنے والا ختم کرنے والا۔

نزیل ع مہمان۔ جو اپنے گھر میں آکر اترے

تنزیل ع اتارنا۔ قرآن مجید۔ نام ایک کتاب سلوک کا۔

سیل ع طغیانی پانی کی۔ دریا کا زور جو بہت سا آئے

صیل

رسیل ع ہمراہ۔ پیامبر۔ فرستادہ۔ ایلچی

ترسیل ع بھیجنا خط یا پیغام یا ایلچی کا

گسیل ف رفع کرنا۔ بھیجنا۔

مسیل ع چشمہ۔ پانی جاری ہونے کا مقام

اصیل ع رات کا وقت۔ صاحب اصل۔ صاحب نسب۔ شریف۔ نجیب۔ نیک اصل۔

تحصیل ع حاصل کرنا۔ پانا۔

فصیل ع دیوار قلعہ۔ حصار۔ شہرپناہ جس کا دور دورہ چھڑایا ہو۔

تفصیل ع جدا کرنا۔ بیان

قصیل ع غلہ سبز۔ خوید جو گھوڑوں کو کھلاتے ہیں۔

فضیل ع نام ایک ولی کامل کا جن کے مرید سلطان ابراہیم ادھم تھے۔

تفضیل ع فضیلت دینا۔ بڑھانا

مستطیل ع جسم دراز جس کا طول عرض برابر نہ ہو۔

تعطیل ع معطل یا بیکار کرنا۔ بیکاری آزادگی۔ رخصت۔

معیل ع مرد عیالدار۔ جس کے گھر کے لوگ بہت ہوں۔

غیل

غِیل ع جنگل۔ ویرانہ۔ نیستاں

غَیل ع عورت کا دودھ جو بچہ پیتا ہے جب عورت حاملہ ہے اور دودھ خراب ہے آب رواں۔ رود جو کوہ ابوالقبیس کے نیچے جاری ہے

مُغیل ع درخت ببول۔ کیکر۔

فِیل ع ہاتھی۔ پیل۔ ایک مشہور جانور

داء الفیل ع نام بیماری کا جس میں پاؤں ساق تک سوج کر ہاتھی کے پاؤں کے برابر ہوتا ہے

اَفیل ع شتر جوان۔ جوان اونٹ

اِستافیل ع رومی زبان میں انگور کو کہتے ہیں

سَرافیل / اِسرافیل ع نام فرشتہ کا جو قیامت کے دن صور پھونکیگا۔

طُفیل ع نام شاعر کوفی۔ وہ شخص جو ناخواندہ دعوت میں جاشے۔ وسیلہ۔ ذریعہ۔

کَفیل ع ذمہ دار۔ ضامن۔

تکفیل ع ضمانت دینا۔ ضامن ہونا کسی کا

قِیل ع نام ایک جنگل کا۔ کلام۔ سخن۔ زبانی تقریر

قال و قیل ع گفتگو۔ بات چیت۔ آپس کی تقریر

ثَقیل ع نام بیماری۔ بدہضمی۔ گراں

اُصول ثقیل ع اصول یا تال موسیقی میں سے ایک اصل شرہ

یل

جرِّ ثقیل ع علم باربرداری جس کے ذریعہ سے ہزاروں من کا بوجھ بآسانی اٹھ سکتا ہے

عَقیل ع مرد بزرگ۔ دانا۔ زانوبند شتر نام پسر ابی طالب۔

تَقیِیل ع دوپہر کو سونا۔ چاشت کو شراب پینا۔ قیلولہ۔

کَیل ع پیمانہ۔ پیمانے سے ناپنے والا۔

اَکیل ع ہمراہ کھانے والا۔ ہم کاسہ

شُکَیل ع رسن اسپ۔ مکر و فریب۔ دغا اور داؤ دینا۔

شَکیل ع صاحب شکل۔ خوبصورت حسین آدمی

اَشکیل ع وہ گھوڑا جس کا دہنا ہاتھ یا پاؤں سفید ہو۔ مکر۔ حیلہ۔ بہانہ

تشکیل ع شکل بنانا۔ صورت بنانا۔

مَکیل ع ناپا گیا۔ پیمانہ سے وزن کیا ہوا

وَکیل ع وہ آدمی جس پر کام چھوڑا جائے مختار۔ داروغہ۔ کارساز

توکیل ع وکیل کرنا۔ وکیل بنانا

گیل ف نام ملک جسکو گیلان کہتے ہیں

لَیل ع رات۔ شب۔ شام سے صبح تک کا وقت

یل

تَمَالِیل ع (جمع ثولول) بہت سے مسّے جو بدن پر ہوتے ہیں۔
جَلِیل ع بزرگ۔ نام خدا تعالے کا
جَلِیل ف جُل۔ گھوڑے پر ڈالنے کا کپڑا
تَحلِیل ع حلال کرنا۔ فانی کرنا۔ نابود کرنا
خَلِیل ع سچا دوست۔ لقب ابراہیمؑ کا جو خلیل اللہ تھا۔
تَخیِیل ع خیال کرنا۔ خیال میں ڈالنا وہم میں ڈالنا
دَلِیل ع رہبر۔ رہنما۔
ذَلِیل ع خوار۔ گنہگار۔ رام۔ مطیع۔ نرم آسان۔
تَذلِیل ع ذلیل کرنا۔ خوار کرنا۔ خراب کرنا
سَلِیل ع فرزند۔ بچہ۔ اولاد
شَلِیل ع شفتالو۔ ایک قسم کا میوہ۔ ایک قسم کا کپڑا۔
صَلِیل ع لوہے کی آواز۔ تلوار کی ضرب کی آواز۔
ضَلِیل ع گمراہ۔ فاسق۔ فاجر
تَضلِیل ع گمراہ کرنا۔ گمراہی
ظَلِیل ع سایہ والا

میل

ظِلّ ظَلِیل ع سایہ دائمی۔ سایۂ دراز۔ سایۂ کامل۔ پناہ۔ حمایت
تَظلِیل ع سایہ ڈالنا۔ کسی کے اوپر سایہ کرنا
عَلِیل ع بیمار۔ جسکو بیماری ہو۔
تَعلِیل ع وجہ بیان کرنا۔ دلیل دلانا علت بیان کرنا
غَلِیل ع تشنگی۔ تشنہ۔ کینہ
قَلِیل ع کم۔ تھوڑا۔ تھوڑا استعداد
تَقلِیل ع کم کرنا۔ قلت میں لانا۔ گھٹانا کسی چیز کو۔
کَلِیل ع کُند۔ سست۔ ماندہ۔ گنگ بیلے زبان۔
اِکلِیل ف تاج۔ نام سترھویں منزل قمر کا
تَہلِیل ع لا الٰہ الا اللہ کہنا۔ ذکر نفی و اثبات کا کرنا۔
مَیل ع خواہش۔ توجہ۔ خمیدگی۔ ہلنا رغبت کرنا۔
مِیل ع سرمہ کرنیکا سریچہ۔ اندازہ مسافت گروہ یعنی ۴ ہزار قدم۔ پہلوانوں کا مگدر
جَمِیل ع خوبصورت۔ نیکو خو۔ نیکو رو نیک افعال۔

میل

تحمیل ع بوجھ لادنا۔ انبار کرنا کسی پر
ازمیل ع موچیوں کی رانپی چمڑا کاٹنے کا آلہ
تعمیل ع عمل دینا۔ عمل کرنا۔ کام دینا کام کرنا۔
تکمیل ع کامل کرنا۔ پورا کرنا۔ درست کرنا
نیل ع یافتن۔ پانا۔ مطلب۔ مقصود مراد
نیل ع نام دریا مصر میں۔
تیخقان نیل ف بارہ سالوں سے پہلے سال کا نام۔
سقائے نیل ف ابر۔ سحاب۔ بادل
ویل ع وائے۔ کلمۂ افسوس۔ کلمۂ غم
تاویل ع بیان کرنا۔ ظاہر کرنا کسی عبارت کو ایک زبان سے دوسری زبان میں
سراویل ع پاجامہ۔ ایک مشہور کپڑا
تسویل ع آراستہ کرنا۔ کچھ مانگنا۔ افترا سخن آرائی۔
طویل ع دراز۔ ایک لمبا بحر نظم کے بحوروں سے
عویل ع رونا آواز کے ساتھ۔ چلا کر رونا
تعویل ع اعتماد کرنا۔ اعتبار کرنا۔
تہویل ع خوف دلانا۔ ڈرانا۔ دھمکانا

ئیل

رہیل ع الاچی سفید قافلہ صغار۔ چھوٹی الائچی۔
سہیل ع نام ستارہ کا جس کو اگستہ کہتے ہیں۔
تسہیل ع آسان کرنا کسی مشکل بات کا۔
صہیل ع آواز اسپ۔ گھوڑے کی آواز
عزرائیل ع نام فرشتہ قابض ارواح
اسرائیل ع نام یعقوب پیغمبر۔ بمعنی برگزیدہ۔
بنی اسرائیل ع حضرت یعقوب کی اولاد
تیہ بنی اسرائیل ع ایک جنگل جہاں موسیٰ کا لشکر چالیس برس سرگرداں رہا
میکائیل ع نام فرشتہ جو رزق پر موکل ہے
ہلائیل ع نام زہر قاتل۔ نام کرم جس سے زہر پیدا ہوتا ہے۔
تشحافوئیل ت اسہال۔ ایک سال کا نام۔
توئیل ت نام شہر۔ نام ایک سال کا

ام

م

اَمْ ع یا (حرف عطف) ف ستم۔ ہول

اُمّ ع مادر۔ ماں۔ والدہ

بَام ف مکان بلند۔ مکان کا چھجہ۔ صبح کا وقت

آفتابِ لبِ بام ف قریب المرگ آدمی جو مرنے پر ہو

خورشیدِ لبِ بام ف قریب المرگ نزع کی حالت میں۔

گلبام ف قسم لحن موسیقی۔ راگ کی ایک تال کا نام

تامّ ع تمام۔ کامل۔ پورا۔ پورا۔ بے عیب بے نقصان۔

تیر بام ف تیر بے عیب۔ بہت اچھا تیر

اِخْتِتَام ع ختم کرنا۔ پورا کرنا۔ تمام کرنا

اِکْتِتَام ع چھپانا۔ خضاب کرنا۔ رنگ کرنا

خِتَام ع مہر کرنا موم یا لاکھ سے۔ بند کرنا

ستام ف بلاق۔ ناک میں پہننے کا زیور لگام۔

جام

قَتَام ع گرد و غبار۔ اندھیری۔ خاک کا اڑنا۔

کَتَام ع چھپانا۔ پردہ ڈالنا۔

تَمْتَام ع توتلا آدمی۔ جو زبان سے تقریر ادا نہ کرسکے۔

اَیْتَام ع (جمع یتیم) بہت سے بے پدر لڑکے

آثَام ع (جمع اثم) بہت سے گناہ۔ خطائیں

اِلْتِثَام ع بوسہ دینا۔ چومنا (لثم سے)

جَام ف پیالہ۔ خراسان کی ولایت میں ایک پرگنہ کا نام

آجَام ع (جمع اجم) انبوہ درختان۔ باغ وغیرہ

اِحْتِجَام ع نشتر مارنا۔ فصد کرنا۔ خون نکالنا۔

حَجَّام ع خون کھینچنے والا۔ پچھنے لگانے والا نائی۔ حجامت کرنے والا۔

فرجام ف انجام۔ انتہا۔ آخر۔ لائق سزاوار۔

نافرجام ف بد انجام جس کا اخیر اچھا نہ ہو

نیک فرجام ف نیک انجام جس کا اخیر اچھا ہو۔

لِجام ع دہانہ۔ مہار۔ لگام۔ گھوڑے کے منہ کا لگام

جام

اَنجَام ع انتہا۔ اخیر ہر ایک چیز کی

رَہ اَنجَام ف اسپ تیز رفتار۔ قاصد تیز رو

سَرانجَام ف عاقبت۔ آخر ہر چیز کا سامان

یَام ع نام پیسر نوح علیہ السلام

اِقتحَام ع اختیار کرنا۔ ظلم کرنا۔ خوار رکھنا

بے آبرو کرنا۔ ڈالنا۔

اِحجَام ع باز رکھنا۔ مرنے کے نزدیک پہونچنا

نزع کی حالت میں ہونا۔

اِزدِحَام ع انبوہ کرنا۔ ہجوم کرنا۔

ازدحم سے،

اَرحَام ع جمع رحم، خویشیاں

رشتہ داریاں

زِحَام ع انبوہ۔ ہجوم۔ زحمت بیماری

تکلیف۔

اِزحَام ع انبوہ کرنا۔ ہجوم کرنا اجتماع

کرنا۔

اِفحَام ع خاموش کرانا۔ چپ کرانا

خَام ف کچا۔ چمڑا جس کو دباغت نہ ہو خالص

شراب مقطر۔ بے اصل۔

طَمعِ خَام ف امید بے فائدہ۔ امید ایسی

بات کی جو ممکن نہ ہو۔

دام

رُخَام ع سنگ سفید و نرم۔ سنگ مرمر

اِرغَام ع خوار کرنا۔ رسوا کرنا خراب کرنا

دَدَام ف جالی جانور ان صحرائی جو درندہ

نہوں۔ وزن اکیس ماشہ کا

پَادام ف ایک قسم کا دام یا جالی شکاریوں کی

اِدَام ع نانخورش۔ سالن جو روٹی کے

ساتھ کھاتے ہیں

بَادَام ف مشہور میوہ۔ معشوق کی آنکھ

سَیَہ بَادَام ف معشوق کی آنکھ

مَغزِ بَادَام ف بادام کا مغز

مَادَام ع تا وقتیکہ۔ جب تک کہ۔ ہمیشہ

مُستَدَام ع ہمیشہ۔ ہمیشگی چاہنے والا۔

کَلَامِ مُستَدَام ع قرآن شریف۔ کلام قدیم

خُدَّام ع جمع خادم، بہت سے خادم

یا خدمتگار۔ اور غلام۔

اِعدَام ع نابود کرنا۔ فنا کرنا۔ نیست کرنا

اِنعِدَام ع نابود ہونا۔ گم ہونا۔ فنا

ہونا۔ مرجانا۔

قِدَام ع ہمیشگی۔ کہنہ پن۔ پرانا ہونا۔

قُدَّام ع آگے چلنے والا۔ آگے نکل جانیوالا

قُدَّام ع آگے۔ سامنے۔ روبرو

دام

اِقْدام ع ارادہ کرنا۔ آگے چلنا پیشرو ہونا
اَقْدام ع جمع قدم بہت سے پاؤں۔ پایا
اِسْتِقْدام ع استقبال کرنا۔ پیش آنا
آگے آنا۔
مِقْدام ع بہادری۔ شجاع۔ پہلوان
جوانمرد۔ دلاور آدمی
مُدام ع ہمیشہ۔ ہمیشہ رکھا گیا شراب
اَنْدام ف عضو۔ انسان کا تمام بدن
شیر اندام ف وہ شخص جس کا سینہ فراخ
اور کمر باریک ہو۔ بہادر۔ پہلوان
گل اندام ف خوبصورت۔ حسین آدمی
ہفت اندام ف سات عضو ظاہری یعنی سر۔ سینہ
و دو دست و دو پا و پشت یا سات عضو باطنی دماغ دل جگر و سپرز
و شش و زہرہ و معدہ
اِنْہِدام ع ویران ہونا گر جانا عمارت کا مسمار ہونا
جُذام ع کوڑھ۔ ایک قسم کا مرض
تَرام ف نرہا۔ بزدار۔ مطیع۔ متابعت کرنیوالا
آرام ف خوشحالی۔ آسودگی و جمع ورم بہت
سے آہو پچکے۔ آرامیدن سے امر
دلآرام ف دلربا۔ محبوبہ۔ معشوق۔ دل کو
آرام دینے والا

رام

اِبْرام ع تنگ کرنا۔ ملول کرنا۔ دق کرنا۔
استوار کرنا۔ رسی کا دہرا کرنا
اَجْرام ع جمع جِرْم۔ اجسام جواہرات
ستاروں کے جسم
حَرام ع منع کرنا۔ منع کرنے والا۔ ناروا
ناشائستہ۔
مسجد الحرام ع مکہ میں ایک مسجد
مشعر الحرام ع جائے قربانی جو حج کے
بعد کرتے ہیں
نمک حرام ف بدخواہ اپنے مالک کا جو شخص
کسی کا مال کھا کر حق ادا نہ کرے
اِحْرام ع حرام کرنا۔ احرام جو حاجی باندھتے
ہیں اور بہت باتیں ترک کر دیتے ہیں جس میں جانا
خِرام ع رفتار نرم و ناز سے چلنا مٹک کر
چلنا۔ خرامیدن سے امر
دَرام ف سیند ساہی خاردار جانور
پَدرام ف توسن۔ اسپ چالاک گھوڑا
تیز رفتار
پدرام ف آراستہ۔ خوش۔ خوب صورت
مطبوع۔
اِنْصِرام ع سرانجام پانا۔ آخر ہونا۔ انجام کو پہنچنا

رام

ضِرَام ع ہیزم باریک ریزہ جس سے آگ جلائیں پتلی لکڑیاں۔

غَرَام ع حرص عشق شیفتگی۔ ہلاک عذاب۔

قِرَام ع باریک۔ رنگین منقش پردہ

کِرَام ع (جمع کریم) بزرگان بہت نیک بخشی

مَرَام ع مراد مطلب (ر رم۔ ڈھونڈھنا)

اَوْرَام ع (جمع ورم) بہت سی سوج یا آماس

بَہرَام ف نام بادشاہ جو گورخر کے شکار کے سبب بہرام گور کہلاتا تھا ستارہ مریخ جو پانچویں آسمان پر ہے

اِلْتِزَام ع اپنے اوپر لازم پکڑنا۔

حِزَام ع گھوڑے کا تنگ

اِلزَام ع لازم کرنا کسی پر کوئی جرم تہمت لگانا۔

اِنہِزَام ع شکست کھانا۔ بھاگ جانا

سَام ف نام جد رستم نام پسر نوح۔ نام ہمائی قصد کرنا۔ ورم آتش۔ مرگ۔ ہلاک۔ زر سرخ یعنی سونا۔

بَسَّام ع خنداں۔ شگفتہ۔ ہنستا۔ کھلتا ہوا

سام

اِبْتِسَام ع تبسم کرنا۔ تھوڑا ہنسنا۔ کھلنا شگفتہ ہونا۔

اِرْتِسَام ع نقش باندھنا

اِقْتِسَام ع قسمت کرنا۔ حصہ کرنا۔ بانٹنا۔

اِنْتِسَام ع نسیم لینا۔ خوشبو لینا۔ ہوا لینا ہوا کھانا۔

اَجْسَام ع (جمع جسم) جسم ہا۔ بدن ہا۔

حُسَام ع شمشیر۔ تلوار

رَسَّام ع نقاش۔ مصور۔ نام آہنگر جو اپنے کام میں استاد تھا۔

بَرسَام ف ذات الجنب (ایک بیماری بر بمعنی بغل سام = ورم یعنی ورم پردہ زیر بغل)

سَرسَام ف ایک مہلک بیماری۔ ورم دماغ (سر و سام)

اَقسَام ع (جمع قسم) کئی قسم۔ کئی طرح۔ کئی نوع۔ حصہ ہا۔

اِنقِسَام ع تقسیم کرنا۔ بانٹنا حصہ حصہ کرنا

مَسَام ع باریک سوراخ جو انسان کے جسم میں ہیں

شَام ف وقت سحر۔ دار الخلافت دمشق

آشَام ف آشامیدن سے امر پینا۔ پی۔ پینے والا نام ملک شمال و مشرق بنگالہ

شام

خُون آشَام ف خونخوار۔ جانی دشمن

اِحتِشَام ع صاحب حشم و لشکر ہونا۔ صاحب شان و شوکت ہونا۔

اَحْشَام ع (جمع حشم) نوکراں۔ خادماں خدمتگاراں

مَشَامّ ع (جمع مشم) ناک جسکو سونگھنے کی قوت حاصل ہے۔

اِعتِصَام ع پنجہ مارنا۔ مضبوط پکڑنا محکم پکڑنا۔

خِصَام ع جنگ و جدل کرنا۔ جنگ کرنے والے لوگ۔

اِنفِصَام ع شکست ہونا۔ ٹوٹا ہوا ہونا

صَمصَام ع شمشیر۔ تلوار

اِرتِطَام ع پست ہونا۔ مٹی میں ڈالنا ذلیل کرنا۔

حُطَام ع شکستہ۔ ریزۂ گیاہ۔ مال اندک

بُسطَام ف نام شہر جہاں بایزید ولی ہوا تھا

فِطَام ع دودھ چھوڑنا لڑکے کا شگفتگی۔ مفارقت۔ جدائی۔

اِنتِظَام ع بندوبست کرنا۔ مرتب کرنا پرونا۔ پیوند کرنا۔

خِطَام ع اونٹ کی مہار۔ گھوڑے کی باگ

عِظَام ع (جمع عظیم) بزرگاں۔ کلاناں۔ (جمع عظم) استخوانہا۔

عُظَّام ع (جمع عظیم) بندگاں۔ امیراں دولتمنداں۔

اِعظَام ع بزرگ پکڑنا۔ بزرگ کرنا۔ عزت و عظمت دینا۔

نَظَّام ع ایک حکیم معتزلہ جس کے مسائل خلاف شرع تھے۔

نِظَام ع رشتہ جواہر۔ آراستگی۔ درستی۔ زیب و زینت۔ بندوبست۔ نام وزیر ملک شاہ سلجوقی جو بہت نیکنام تھا خطاب بیدار دل

اِنتِظَام ع آراستہ و مرتب کرنا۔ بندوبست کرنا پرونا۔

عَامّ ع ضد خاص۔ ہر ایک شخص اور ہر ایک چیز

عَام ع سال۔ برس

خاص و عَام ع اچھے اور برے آدمی۔ بڑے اور چھوٹے

عَرَض عَام ع ایک عرض جس میں مختلف پیدائش شامل ہوں چنانچہ چلنا جس میں انسان گائے گھوڑے وغیرہ شامل ہیں

غام

طَعام ع طُعم۔ کھانا۔ کھانے کی چیز۔ لذت دار چیز۔

اِطعام ع طعام دینا۔ طعام پہونچانا

اِنعام ع نعمت دینا۔ نازک کرنا۔ زیادہ ہونا بڑھنا۔

مِنعام ع بہت بخشش کرنے والا انعام دینے والا۔

اِدغام ع کھانا۔ بیجا دیکھنا۔ گھوڑے کو لگام دینا۔ حرف کو حرف میں لانا۔

رَغام ع خاک ریگ آمیز۔ جس مٹی میں ریگ ملی ہو۔

ضِرغام ع شیر درندہ۔ جنگل کا شیر

پیغام ف پیام۔ ایلچی کو جو تقریر بولنے کے لئے سمجھا دیجاتی ہے۔

فَام ع رنگ و لون۔ صورت۔

اِنتقام ع بدلہ لینا۔ عوض لینا

ارقَام ع رقم کرنا۔ لکھنا

ارقَام ع جمع رقم۔ خطوط

سَقام ع بیماری۔ زحمت

سِقام ع جمع سقیم۔ بیماران بہت سے بیمار۔

کام

اَسقام ع جمع سقم۔ بیماریاں۔ امراض

مُقام ع کھڑے ہونا۔ ٹھہرنا۔ قائم ہونا

مَقام ع کھڑے ہونے کا مقام۔ جائے سکونت۔ سکونت کی جگہ۔

دوازدہ مقام ف موسیقی کے بارہ مقام یعنی راست۔ صفاہاں۔ اثب ب۔ بوسلیک۔ عشاق۔ زیر بزرگ۔ زیر کوچک۔ حجاز۔ عراق۔ زنگلہ۔ حسینی۔ رہاوی۔ نوا

قمقام ع کارد بزرگ۔ دریا۔ بہتر قوم۔ کرم یا کیڑے

کام ف مراد۔ مقصود۔ انسان کا تالو۔

خودکام ع مرد خود رائے۔ خود غرض۔ خود مطلب۔

دشمن کام ف کمبخت۔ ذلیل جس کی حالت دیکھکر دشمن خوش ہوں

دوست کام ف خوشحال۔ آسودہ جسکی حالت دیکھکر دوست خوش ہوں

شادکام ف خوشدل

کام ناکام ف چار ناچار۔ ضرورتاً۔

ناکام ف نامراد۔ ناچار۔ بالضرور۔ بحالت ناچاری۔

حکام ع جمع حاکم۔ حاکماں حکم دینے والے

کام

اِستحکام ع مضبوطی کرنا۔ استواری کرنا۔ محکمی کرنا۔

زُکام ع بیماری جس میں دماغی فضلہ ناک سے جاری ہوتا ہے

گام ف قدم۔ دیہہ۔ قریہ۔ گاؤں۔

ہنگام ف وقت۔ زمانہ

لام ع (جمع لامات) زرہ ہا۔ الف بے کا ایک حرف۔ ف فقرا کی ایک نمدی ٹوپی۔

آلام ع (جمع الم) رنجہا۔ بہت سی تکلیفیں مصیبتیں۔

اِحتلام ع خواب میں ناپاک ہونا۔ انزال کرنا۔

اِستلام ع پتھر کو ہاتھ یا منہ سے چھونا یا چومنا۔ چنانچہ حجر الاسود کو۔

حُلام ع بچہ گوسفند۔ بکری کا بچہ۔

اَحلام ع (جمع حلم) خوابہا۔ عقلہا۔ بردباریہا

سَلام ع فرمانبرداری۔ بے آزاری۔ بے عیبی۔ تعظیم بندگی۔ سلام کہنا۔ خدا تعالیٰ کا ایک نام۔ ف [illegible]

دار السلام ع سلامتی کا گھر۔ بہشت۔ لقب شہر بغداد کا۔

اِسلام ع دین اسلام۔ تسلیم کرنا۔ مان لینا

لام

قُبّۃ الاسلام ع لقب شہر بخارا یا اسلام کا گنبد۔

بیضۃ الاسلام ع لقب کوفہ کا جو شہر مشہور ہے۔

اِستسلام ع سلامتی۔ فرمانبرداری۔ تسلیم۔ تعظیم۔

ظَلام ع تاریکی اول شب۔ پہلی رات کا اندھیرا۔

ظِلام ع (جمع ظلمت) بہت سی تاریکیاں اندھیرے

ظلّام ع نہایت ظالم۔ سخت بے انصاف آدمی

علّام ع بڑا دانا۔ صاحب علم۔ باخبر آدمی

اِعلام ع خبر دینا۔ آگاہ کرنا۔ اطلاع پہونچانا

اَعلام ع (جمع علم) نشانہا۔ لشکر کے علم

اِستعلام ع خبر چاہنا۔ آگاہی چاہنا۔ اطلاع۔

غُلام ع لڑکا۔ خدمتگار۔ مملوک۔ زر خرید آدمی

اِغلام ع بچہ بازی کرنا۔ کسی بچہ کے ساتھ بدفعل کرنا

تکلّم ع بولنا۔ سخن کہنا۔ بات چیت کرنا

لام

عِلمِ کَلام ع وہ علم جس سے مقدمات نقلی کو بدلائل عقلی ثابت کریں۔

لَاکَلام ع بیشک

مَالَاکَلام ع جس بات میں کلام نہ ہو۔ درست صحیح۔ بہت

مَلِکُ الکَلام ع لقب ملک قمی شاعر کا جو مصاحب سلطان ابراہیم عادل شاہ کا تھا دکن میں

مَلَام ع ملامت کرنا۔ جائے ملامت یعنی جگہ پر ملامت ہو

مَلَام ع ملامت کرنا کسی کو برا کہنا۔

اِیلَام ع دردمند کرنا۔ دکھ دینا۔ تکلیف پہونچانا۔

مَام ف مادر۔ ام۔ ماں

اَمَام ع پیش۔ آگے۔

اِمَام ع پیشرو۔ سرگروہ۔ پیر و مرشد

دوازدہ اِمَام ف بارہ امام یعنی علیؓ حسنؓ حسینؓ زین العابدینؓ محمد باقرؓ جعفر صادقؓ موسی کاظمؓ علی رضاؓ محمد تقی۔ محمد نقی۔ حسن عسکری۔ محمد مہدی

ہفت اِمَام ف سات امام یعنی امام اعظم ابو حنیفہ کوفی۔ امام شافعی۔ امام مالک۔ امام احمد حنبل۔ امام ابو یوسف۔ امام محمد۔ امام زفر

مام

تَمَام ع درست۔ کافی۔ کامل۔ پورا۔ سارا

نَاتَمَام ف ناقص۔ وہ چیز جو ابھی پوری نہ ہو

اِتمَام ع تمام کرنا۔ پورا کرنا۔ کامل کرنا۔

اِہتِمَام ع غمخواری۔ کوشش۔ بندوبست انتظام۔

جَمَام ع آسودگی گھوڑے کی ماندگی کے بعد

جُمَام ع آب منی مرد۔ لبالب ہونا ظرف و

جِمَام پیمانہ کا۔

اِجمَام ع گھوڑے کو سواری کے لئے سنوارنا زین ڈالنا

حِمَام ع مرگ۔ کبوتر۔ کبوتراں

حَمَّام ع غسل خانہ جس میں گرم پانی ہو

اِستِحمَام ع حمام میں جانا۔ بخار گرم لینا حمام میں نہانا۔

زِمَام ع لگام اسپ۔ مہار شتر۔ باگ نکیل

اِشمَام ع سونگھنا۔ بو لینا۔

اِستِشمَام ع سونگھنا کسی بودار چیز کو

اِنضِمَام ع جمع ہونا۔ پیوند ہونا۔ وصل ہونا

اَعمَام ع (جمع عم) بہت سے چچا یا باپ کے بھائی

غَمَام ع ابر۔ سحاب۔ بادل جس سے بارش ہوتی ہے

نام

اَکمام ع (جمع کم) آستینیں۔ شگوفہ کے غلاف

شَمّام ع سخن چین۔ غماز۔ نام گیاہ خوشبودار

یَمام ع کبوتر صحرائی۔ جنگلی کبوتر

نام ف اسم۔ نام

بدنام ف جس کا نام بد ہو۔ خراب شہرت والا آدمی

گمنام ف جس کو کوئی نہ جانے۔ ناچیز آدمی ناکارہ۔

نیکنام ف ناموس والا۔ جس کا نام مشہور ہو دے نیکی کے سبب

اَنام ع مخلوقات الہی۔ جن و انس

سَنام ع کوہان شتر۔ اونٹ کی پیٹھ کی ہڈی

دُشنام ف گالی۔ بدگوئی۔ بدکلامی۔ بدگفتاری

اَصنام ع (جمع صنم) بہت سے بت پتھر کے

اَغنام ع (جمع غنم) بکریاں

مَنام ع چارپایوں کے رہنے کی جگہ۔ آشیانہ مرغاں۔

مَنام ع خوابگاہ۔ سونے کی جگہ۔ نیند کا مقام

وَام ع قرض۔ رنگ۔ لون

تُوأم ع دو بچوں کا ایک حمل سے پیدا ہونا

دَوام ف ہمیشگی۔ ہمیشہ کا قیام

ہام

عَلَی الدَّوام ع ہمیشہ۔ ہر روز۔ ہر وقت بہر حال۔

عَوام ع (جمع عامہ) ہر طرح کے لوگ۔ عام لوگ جو خاص نہ ہوں۔

عَوام ع اسپ رہوار۔ تیز رفتار گھوڑا

اَعوام ع (جمع عام) سالہا۔ بہت سے برس

غَوام ع سودائے سر۔ پریشانی

قَوام ع راستی۔ عدل۔ درستی۔ انصاف خوبی۔ بھلائی۔

قِوام ع اصل ہر چیز کا۔ کھڑا ہونا قائم ہونا۔

حاجی قوام ع شیراز کا ایک عہدہ دار سرکاری یا محتسب۔

ہَوام ع حشرات الارض یعنی مار کژدم وغیرہ (جمع ہامہ)

تِہام ع ایک جنگل کا نام جو کمال جنگل تھا

اِبہام ع پوشیدہ کہنا۔ پوشیدہ چھوڑنا۔ نر انگشت۔ دروازہ بند کرنا۔

اِتّہام ع تہمت لگانا۔ بہتان باندھنا

مُستہام ع سرگشتہ۔ حیران۔ پریشان

[illegible]

ہام

سِہَام ع (جمع سہم) بہت سے حصے بہت سے تیر

سَہَّام ع تیر انداز۔ جس کا تیر نشانہ سے خطا نہ کرے

سُہَام ع تاریکی۔ تغیر چہرہ۔ لاغر ہونا کمزور ہونا۔

سَہَام ع شدت۔ حرارت آفتاب تابستان سخت گرمی۔

فَہَّام ع بہت سمجھنے والا۔ خیال میں لانے والا۔

اِفْہَام ع سمجھانا۔ اصل بات سے آگاہ کرنا

اِسْتِفْہَام ع کسی چیز کے سمجھنے کو چاہنا سمجھنے کا ارادہ۔ پوچھنا۔

اِلْہَام ع جو بات دل سے اٹھے یا خدا کی طرف سے دل میں آوے سچے خیالات

مُہَام ع (جمع مہم) کام۔ باتیں مشکل۔ دشوار امور

مَدارُ المَہَام ع مختار کل۔ ہر ایک کام پر صاحب اختیار۔

اَوْہَام ع (جمع وہم) بہت سے خیالات دانائی۔

یام

اِیہَام ع شک۔ غلطی میں ڈالنا کسی کو وہم میں ڈالنا

یَام ع یامہ۔ وہ گھوڑے جو ڈاک پر بھیجے جائیں۔

اَیَّام ع (جمع یوم) روزہا۔ دن۔ وقت زمانہ۔

پَیَام ف پیغام۔ تقریر جو ایلچی کو دوسرے شخص کے کہنے کے لئے سمجھا دیجائے۔

اِلْتِیَام ع آپس میں ملنا۔ زخم کا اچھا ہونا بھر آنا زخم کا

تَخْرِق و اِلْتِیَام ع پھٹنا اور ملنا

خِیَام ع (جمع خیمہ) بہت سے خیمے

خَیَّام ع خیمہ دوز۔ خیمہ سیکر تیار کرنے والا حکیم اور شاعر عمر کا تخلص۔

عُمَرخَیَّام ع نام ایک شاعر کا ہے جو عرب میں رہتا تھا۔

سِیَام ف نام ایک کوہ کا جو نزدیک شہر سمرقند ہے

صِیَام ع (جمع صوم) روزہا۔ بہت سے روزے

قِیَام ع قایم ہونا۔ کھڑے ہونا۔ درست ٹھہرنا

لِئَام ع (جمع لئیم) بہت بخیل، کمینے لوگ

یام

نیام ع (جمع نوم) بہت سی نیندیں۔
(جمع نائم) سوتے ہوئے لوگ۔ غلاف کاردو شمشیر۔ تلوار کا میان
بَم ف سرود کی بلند آواز (ضد زیر)
تنجم ع سردی۔ سرد ہونا۔ ٹھنڈا ہونا۔
قتم ع تاریکی۔ سیاہی۔ نام بیماری جس سے نظر ضعیف ہوتی ہے۔
اتم ع کامل۔ پوری چیز
حاتم ع طے کے قبیلہ کا ایک مشہور سخی
خاتم ع مہر۔ انگشتری۔ ختم کرنے والا۔
ماتم ف غم۔ اندوہ۔ پریشانی جو کسی کے مرگ پر ظاہر کی جائے۔
خواتم ع (جمع خاتم) مہریں۔ نقش جو قائم کئے جائیں۔
مستختم ع اختتام چاہنے۔ الاانجام مانگنے والا
مکتتم ع پوشیدہ۔ جو چیز پردہ کے اندر ہو
حتم ع استوار کرنا۔ حکم کرنا۔ واجب کرنا
حاتم ع حاکم۔ حکم کرنے والا
تحتم ع واجب ہونا۔ درست صحیح ہونا
متحتم ع واجب۔ لازم۔ استوار کرنیوالا
ختم ع پورا کرنا۔ مہر کرنا۔
مختوم ع مہر کیا گیا۔ قفل لگایا گیا

ثم

رتم ع وہ رشتہ جو یادداشت کے لئے انگلی کو باندھ رکھیں۔
ستم ف ظلم۔ بے انصافی۔ جور و جفا۔ تعدی
رستم ف ایران کا ایک مشہور پہلوان میں ہو گیا
کمان رستم ف قوس قزح۔ کمان باراں
شتم ع دشنام۔ بدگوئی۔ بدکلامی۔ گالی دینا۔
تعتم ع تاخیر کرنا۔ توقف کرنا۔ ڈھیلے ہونا
کتم ع پوشیدگی۔ پردہ۔ چھپانا کسی چیز کو
کتم ع ایک گھاس جس سے خضاب کرتے ہیں
کتم ع چھپانا۔ برگ نیل۔ نیل کے پتے جس سے خضاب کرتے ہیں
یُتم ت بچہ۔ طفل خورد سال
ثمّہ ع پس۔ باز۔ پھر
ثَمّ ع آنجا۔ اس جگہ۔ اس مقام پر
اثم ع گناہ۔ تقصیر
آثم ع گنہگار۔ گناہ کرنیوالا۔ خطاوار
آثام ع (جمع اثم) گناہ۔
ملثم ع چوما گیا۔ بوسہ دیا گیا

نشم

لثم ؏ توڑنا۔ منہ باندھنا۔ خون آلودہ کرنا

تلثم ؏ چومنا۔ بوسہ دینا۔

ملثم ؏ چوما گیا۔ بوسہ دگیا۔

مؤثم ؏ گنہگار۔ مجرم۔ تقصیری۔ خطادار

جَم ف (مخفف جمشید) مشہور ایران کا بادشاہ۔

جام جم ف جمشید کا پیالہ۔ ایک کس کا نام

اجم ؏ نیستان۔ انبوہ درختاں۔ درختوں کا ہجوم۔

جاجم ت قسم فرش کا۔

براجم ؏ جمع برجم۔ انگلیوں کے جوڑ

نجم ؏ روشن۔ ہویدا۔ ظاہر۔ چمکتا ہوا

تجہم ؏ برآمدگی۔ سطبری۔ کسی چیز کی ضخامت موٹائی۔

تجم ؏ ابھرنا۔ باہر نکلنا۔ حجامت کرنا ظاہر ہونا۔ باز رکھنا۔ چوسنا۔

رجم ؏ پتھر مارنا۔ سنگسار کرنا۔ نفرین کرنا گمان سے سخن کہنا۔ چلانا۔ دور کرنا۔ گالی دینا۔ بدگوئی کرنا۔

برجم ؏ بند انگشت۔ انگلیوں کا جوڑ

مترجم ؏ ترجمہ کیا گیا۔ بیان کیا گیا۔

نجم

مترجِم ؏ ترجمہ کرنے والا ایک زبان سے دوسری میں۔

منسجم ؏ پانی۔ اشک رواں ہونیوالا آنسو بہنے والا۔

عجم ؏ اعراب۔ حروف۔ نقطہ دینا حروف پر

عُجم ؏ گنگ زبانان۔ باشندگان ملک عجم

عجم ؏ وہ ملک سوائے عرب کے خصوصاً ایران توران۔ مردم غیر عرب۔ جب یعنی گونگی یادہ

حسان عجم ؏ لقب خاقانی شاعر کا

اعجم ؏ جسکی زبان بات کہنے میں پھسلتی ہو جو صاف بات نہ کر سکے۔

معجم ؏ حروف۔ حروف ابجد۔ حروف منقوطہ۔ حروف نقطہ دار۔

حروف معجم ؏ جو حروف نقطہ دار ہوں

شلجم ؏ (معرب شلغم) ایک مشہور ترکاری۔

نجم ؏ ستارہ۔ بیل کسی درخت کی مثلاً کدو وغیرہ

انجم ؏ جمع نجم۔ ستارہ۔

پنجم ف پانچواں۔

اختر پنجم ف ستارہ مریخ جو پانچویں آسمان پر ہے۔

منجم ؏ نجومی۔ ستارہ شناس

حم

چَم ف خرام۔ رفتار۔ ناز۔ پیچ وخم

خَم وچَم ف ناز وادا بوقت رفتار

پَرچَم ف بیرق۔ علم کا کپڑا جو ابریشم سیاہ سے بناتے ہیں۔

حَم ع سسر۔ سالا۔ سسرال کا رشتہ دار

رَاحِم ع مہربان۔ صاحب رحم نرمی کرنے والا۔ معافی دینے والا

مَرَاحِم ع (جمع مرحمت) مہربانیاں۔ محبتیں التفاتیں۔

تَزاحُم ع انبوہ کرنا۔ ہجوم کرنا۔ مجمع کرنا مزاحم ہونا

مُزاحِم ع تنگی کرنے والا۔ زحمت یا رنج پہونچانے والا۔ ناحق دخل دینے والا

مُقتحِم ع ظالم۔ غالب۔ مختار۔ حاکم با اختیار

مُلتحِم ع زخم انگور لایا ہوا۔ جو زخم اچھے ہونے کے نزدیک ہو۔

مُزدَحَم ع ازدحام کیا گیا۔ ہجوم وانبوہ

مُزدَحِم ع انبوہ کرنیوالا۔ ہجوم کرنیوالا

تَرَحُّم ع مہربانی کرنا معافی دینا

رَحِم ع [illegible] عورت کا جس میں بچہ پیدا ہوتا ہے

اخم

صِلۂ رَحِم ع خویشوں سے صلح رکھنا اقربا سے ملتے رہنا۔

اَرحَم ع بڑا رحم والا۔ ترس کھانیوالا

تَرَحُّم ع رحم کرنا۔ مہربانی

زَحْم ع زحمت۔ انبوہ۔ ہجوم۔ رنج وبلا آفت۔ بیماری

شَحْم ع پیہ۔ چربی

فَحْم ع زگال۔ انگشت۔ کوئلا آگ جلانے کا

مُقحَم ع کسی چیز میں ڈالا گیا۔ درمیان میں لایا گیا۔

لَحْم ع گوشت۔ ماس

مُلحَم ع قسم پارچہ ابریشمی جو نہایت ملایم ہوتا ہے

خُم ف مٹکا پانی وغیرہ کا

خَم ف پیچ۔ ٹیڑھا پن

پُرخَم ف خمدار۔ پیچدار۔ پیچ در پیچ۔ زنجیر دار۔ مسلسل

تیغ خَم ف تلوار خمدار۔ ٹیڑھی تلوار

چار خَم ف کشتی کا ایک داؤ

خَم بخَم، خَم در خَم ف پیچدار۔ پیچ در پیچ

اَخم ع چین پیشانی۔ ابرو کا بل

تخم	ردم
تخم ع بیج۔ بیضہ	گاؤدُم ف کرنا۔ جو چیز ایک طرف سے
مستخم ع روشنائی چاہنے والا	موٹی اور دوسری طرف سے پتلی ہو
رخم ع دوستی نرمی مہربانی نرم مزاجی خوش خلقی	گرگ سپیدہ دُم ف صبح۔ فجر کا وقت
ترخم ع نرم کیا گیا۔ ملایم کیا گیا	کثردُم ف بچھو۔ بیشتر یعنی دم والا جانور
زخم ع گھاو۔ ریش۔ جیسے جو تلوار وغیرہ سے بدن پر ہوئے	ہمقدم ف دوست۔ رفیق۔ ہم صحبت
چشم زخم ف بدنظر۔ نگاہ بد	جلیس۔
مفخم ع بزرگ رکھا گیا	آدم ع حضرت آدم۔ ابوالبشر
وخم ع ناگوار۔ ناساز گار۔ ناپسند۔ مطبوع	خادم ع غلام۔ نوکر۔ چاکر۔ خدمتگار۔ تابعدار
دُم ف پونچھ۔ دنب	تصادُم ع دھکا دینا۔ دھکیل دینا
دَم ع خون۔ ف سانس۔ نفس۔ سخن۔ افسون	عصادم ع پانی کی مشک۔ بند مشک
فریب۔ مکر۔ جرعۂ آب۔ باد کش آہنگراں۔ غرور	ایک شخص کا نام
بوے۔ تیزی شمشیر۔ ہنگام و وقت۔ لاف	نادم ع پشیمان۔ جو شخص بدکام کر کے
بارہ دُم ف گھوڑے کی دمچی	پشیمان ہو۔
افعی آتشین دَم ف بندوق۔ تفنگ	ہادم ع عمارت کا گرانے والا۔ ویران
دمادَم ف دمبدم۔ پے درپے۔ بار بار	کرنے والا۔ مسمار کرنے والا
ہر وقت۔ ہر آن	خدام ع (جمع خادم) چاکراں۔ غلاماں
دمبدم ف دمادم پے درپے۔ بار بار	نوکراں۔ خدمتگاراں
درازدُم ف حربا۔ ایک مشہور جانور	مستخدم ع خدمت چاہنے والا۔ خدمت
سپیدہ دَم ف صبح صادق۔	مانگنے والا۔
جس وقت سفیدی شروع ہوتی	مستخدَم ع جس سے خدمت چاہیں۔ خدمتگار۔
ہے	مردُم ف ایک یا بہت آدمی۔ مردک۔ یا سیاہی چشم

ردم

دیو مردم ف جنگلی آدمی ۔ بن مانس جفاکار شریر ۔ مردم آزار ۔

نامردم ف ناکس ۔ بیکار ۔ کم ذات ۔ کم عزت آدمی ۔

عدم ع نابودگی ۔ نابود ۔ نیست ۔ نیستی ۔

منعدم ع فنا ۔ نابود بے نام ونشاں ۔

منعدم ع نابود ہونے والا ۔ معدوم ۔ بے نام ونشان ۔

خوش قدم ف خوش رفتار گھوڑا

اقدم ع بہت آگے ۔ زیادہ آگے

تقدم ع آگے ہونا ۔ پیشدستی ۔ امام بننا ۔

تقدم ع (بصیغہ امر) آگے ہو ۔ پیش شو ۔

متقدم ع آگے بڑھنے والا ۔ پیشدستی کرنیوالا

مقدم ع پیش کرنیوالا ۔ حاضر کرنیوالا شخص

مقدم ع پیش کیا گیا ۔ چودہری ۔ نمبردار ۔ لڑکا

مقدم ع آگے چلنے والا ۔ دلیر ۔ گوشۂ چشم بطرف بینی ۔

مقدم ع آنا ۔ واپس آنا ۔ قدم رکھنے کی جگہ ۔ ٹھہرنے کا مقام ۔

خیر مقدم ع اچھا آنا ۔ مرحبا کلمۂ دعا ۔ دوست کے آنے کے وقت کہتے ہیں

وارم

ارم ملندم ع تپ دائمی ۔ بخار جو ہمیشہ رہے

